رجسٹرڈ بی سی نمبر 12 — قیمت 10 روپے
MEMBER OF APNS — A.B.C Certified — بلوچستان کا واحد کثیرالاشاعت روزنامہ — کوئٹہ اسلام آباد اور حب سے بیک وقت شائع ہونے والا
روزنامہ عوام کوئٹہ
DAILY AWAM QUETTA
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
جلد 38 — ہفتہ 27 ربیع الثانی 1448ھ — 10 اکتوبر 2026ء — فون 2829384-2832244 فیکس 2832255 — شمارہ 88

پاکستان سعودی دفاعی تعاون خطے کے استحکام کی ضمانت — دفاعی معاہدے کا مقصد مکہ ، ایک سعودی عرب کا دفاع ہے ، ترجمان پاک فوج

مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ کسی بھی خطرے کے خلاف مشترکہ قوت بنے گا، سعودی عرب کا دفاع کیا جائے گا، پاکستان کی مسلح افواج مختلف صلاحیتوں اور شعبوں میں کئی دہائیوں سے سعودی عرب میں موجود ہیں، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری

امریکہ ایران جنگ کا دائرہ پھیلانے سے کسی کو فائدہ نہیں ہوگا، اختلافات کا حل مذاکرات میں ہے، مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ اچانک وجود میں آنے والا اتحاد نہیں، اختلافات کا حل مذاکرات اور سفارت کاری کے ذریعے نکالا جائے، بی این این کو انٹرویو

اسلام آباد (آن لائن) پاک فوج کے ترجمان ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے کہا ہے کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ اچانک وجود میں آنے والا اتحاد نہیں بلکہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دہائیوں پر محیط دفاعی تعاون کا تسلسل ہے۔ (بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر)

وفاقی کابینہ کی تین سال کیلئے متروکہ وقف املاک بورڈ کی تشکیل نو کی منظوری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ نے تین سال (بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم کا مولانا فضل الرحمان سے ٹیلیفونک رابطہ، سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال

مولانا نے ایک بار پھر مؤقف دہرایا کہ معاملات کو افہام و تفہیم سے حل کیا جائے، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف اور سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ ہوا جس میں سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا (بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر)

شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی فورسز کا انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، 7 دہشتگرد ہلاک

عزم استحکام وژن کے تحت کارروائیاں جاری، بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود برآمد، متعدد ٹھکانے بھی تباہ کر دیے گئے، سیکیورٹی ذرائع

دہشت گردی کے نیٹ ورکس کے خلاف کارروائیوں کا مقصد علاقے میں امن و استحکام کو یقینی بنانا اور دہشت گرد عناصر کی سرگرمیوں کا خاتمہ کرنا ہے

شمالی وزیرستان (آن لائن) خیبر پختونخوا میں امن و امان کے قیام اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق شمالی وزیرستان میں فتنہ الخوارج کے خلاف ایک مؤثر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 7 دہشت گرد (بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

میر سرفراز بگٹی کا مائنز اینڈ منرلز اور محکمہ جنگلات کے امور پر اپوزیشن کو بریفنگ دینے کا اعلان

رکن اسمبلی سردار عبدالرحمن کھیتران کا ڈاکٹر حکیم لہڑی کے جسد خاکی کو کالعدم تنظیم کے جھنڈے میں لپیٹنے پر مذمت کا اظہار

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان کا مائنز اینڈ منرلز اور محکمہ جنگلات کے امور پر اپوزیشن کو بریفنگ دینے کا اعلان، رکن اسمبلی سردار عبدالرحمن کھیتران کا ڈاکٹر حکیم (بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر)

بلوچستان اسمبلی اجلاس، پیٹرولیم لیوی ختم کرنے، واشک میں ٹراما سینٹر کے قیام کی قرارداد منظور

ماسکو فارمیٹ میں افغان سرزمین سے دہشتگردی کا معاملہ اٹھایا، مشترکہ اعلامیہ جاری نہ ہونے سے حقائق تبدیل نہیں ہونگے، دفتر خارجہ

پاکستان، سعودی عرب دفاعی تعاون کو دوطرفہ سلامتی اور علاقائی استحکام کے تناظر میں اہم قرار دیا جاتا، سجاد حیدر کی ہفتہ وار پریس بریفنگ

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان نے سعودی عرب کی سلامتی اور دفاع کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے مکہ دفاعی معاہدے کے تحت دفاعی تعاون کو عملی شکل دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے ہفتہ وار میڈیا بریفنگ میں کہا کہ ماسکو فارمیٹ میں افغان سرزمین سے دہشت گردی کا معاملہ اٹھایا، مشترکہ اعلامیہ جاری نہ ہونے سے حقائق تبدیل نہیں ہوں گے۔ (بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سے وزیراعظم کی قرضہ سکیم کے سلسلے میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے بینکوں کے صدور اور چیف ایگزیکٹو آفیسرز ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا اجلاس — نئی پالیسی، سرکاری خریداری کا نظام شفاف بنانے، معذوری فنڈ کی اصلاحات منظور

صوبائی کابینہ کے اہم اجلاس میں صوبے کے عوامی مفاد، معاشی ترقی، تعلیم، صحت، صنعت، سیاحت، خواتین کے تحفظ، انتظامی اصلاحات اور شہری سہولیات سے متعلق متعدد اہم فیصلوں کی منظوری دے دی گئی

صوبائی کابینہ نے وفاقی منصوبے لولانگ ڈیم کو صوبائی ٹیکسوں سے مستثنیٰ قرار دینے کی منظوری دی، نئے اعلان شدہ تمام اضلاع میں نئی ضلع کونسلوں کے قیام کی منظوری، پالیسی سازی کو عوامی ضروریات سے منسلک کرنے کا فیصلہ

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کے اہم اجلاس میں صوبے کے عوامی مفاد، معاشی ترقی، تعلیم، صحت، صنعت، سیاحت، خواتین کے تحفظ، انتظامی اصلاحات اور شہری سہولیات سے متعلق متعدد اہم فیصلوں کی منظوری دے دی گئی۔ کابینہ نے معدنی وسائل سے حاصل ہونے والے مالی فوائد کے مؤثر استعمال، غیر رسمی تعلیم کے فروغ، سرکاری اسکولوں میں دوہری تدریسی شفٹ، بند صنعتوں کی بحالی، سرکاری خریداری کے نظام میں شفافیت، کاروبار میں آسانی، ٹیلی میڈیسن، خواتین کے تحفظ اور عوام کو سرکاری خدمات کی فراہمی آسان بنانے سمیت مختلف شعبوں میں اصلاحات کی منظوری دی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے کابینہ اجلاس کے فیصلوں کے متعلق میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ اجلاس میں منظور کیے گئے اقدامات صوبے میں معاشی سرگرمیوں کے فروغ، انتظامی نظام کی بہتری اور عوامی ضروریات کے مطابق پالیسی سازی کی جانب اہم پیش رفت ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ صوبائی کابینہ نے بلوچستان معدنی ترقیاتی فنڈ کے استعمال کی پالیسی کی منظوری دی ہے۔ بلوچستان قدرتی معدنی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے اور ان وسائل سے حاصل ہونے والے (بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر)

مستحق طبقات کو سہولتوں کی فراہمی کیلئے بھرپور کوشش کی جائے، اسحاق ڈار

متعلقہ وزارتوں کے درمیان روابط اور دستیاب وسائل کے مؤثر استعمال کو یقینی بنایا جائے

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا کہ مستحق طبقات کو سہولتوں کی فراہمی کیلئے بھرپور کوشش کی جائے۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی صدارت میں فیول سبسڈی اسکیم پر مشترکہ اجلاس ہوا، جس میں وزیراعظم فیول ریلیف سکیم پر نیشنل سٹیئرنگ کمیٹی اور میڈیا مینجمنٹ کمیٹی کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ متعلقہ وزارتوں (بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر)

آئی ایم ایف شرائط پر عملدرآمد — گیس، بجلی صارفین کے لیے سلیب اور سبسڈی ختم کرنے کی تیاری

آئی ایم ایف کی شرائط پر عملدرآمد کے لیے توانائی شعبے میں اصلاحات تیز کردی گئیں، ذرائع

توانائی شعبے میں گردشی قرض کا دباؤ کم کرنے کے لیے سبسڈی نظام میں تبدیلی کا منصوبہ بنایا گیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) آئی ایم ایف کی شرائط پر عملدرآمد کے لیے توانائی شعبے میں اصلاحات تیز کردی گئیں جبکہ گیس اور بجلی صارفین کیلئے موجودہ سلیب اور کراس سبسڈی نظام ختم کرنے کی تیاری ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ بجلی میں نیا سبسڈی نظام جنوری 2027 سے نافذ کرنے کا منصوبہ ہے، گیس صارفین کیلئے نیا سبسڈی نظام یکم جولائی 2027 سے متعارف کرانے کی تیاری کر لی گئی، بجلی اور گیس پر سبسڈی صرف مستحق (بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی آل پاکستان وزیراعلیٰ بلوچستان فٹبال گولڈ کپ ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب میں میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

حوثی حملوں کے بعد ریاض کی 300 سے زائد پروازیں منسوخ

صنعا (این این آئی) یمن کے حوثی گروپ کے سعودی عرب کے کنگ خالد ایئرپورٹ ریاض اور ابہا ایئرپورٹ پر حملوں (بقیہ نمبر 72 صفحہ 3 پر)

صوبے میں گورنر راج انتہائی سخت ہوگا — پی ٹی آئی انتہا پسندی کی سیاست چھوڑ کر مذاکرات کی میز پر آئے، بلاول بھٹو

پی ٹی آئی نے انتہا پسندی کی سیاست شروع کر رکھی ہے انہوں نے پارلیمان میں اپنی جگہ خود چھوڑ دی وہ خود پارلیمانی کمیٹیوں میں نہیں آتے، چیئرمین پیپلز پارٹی

پی ٹی آئی کا کردار صوبائی اور ملکی سیاست میں ہونا چاہیے، انھیں اپنے ورکرز کو مایوس نہیں کرنا چاہیے، کے پی کے وزیراعلیٰ صرف منفی سیاست کئے جا رہا ہے، خطاب

کراچی (آن لائن) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو نے کہا ہے کہ انتہا پسندی کی سیاست سے ملک کا نقصان ہو رہا ہے، پی ٹی آئی انتہا پسندی کی سیاست چھوڑ دے، صوبے کے مسائل کے حل کے لئے مذاکراتی میز پر آئیں اور سیاست میں اپنی جگہ بنا کر رکھیں، صوبے میں گورنر راج آخری آپشن ہوگا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا پی ٹی آئی نے انتہا پسندی کی سیاست شروع کر رکھی ہے انہوں نے پارلیمان میں اپنی جگہ خود چھوڑ دی وہ خود پارلیمانی کمیٹیوں میں نہیں آتے، یہ الیکٹورل ریفارمز کمیٹی کا بھی حصہ نہیں بننا چاہتے جبکہ دھاندلی سب سے زیادہ (بقیہ نمبر 73 صفحہ 3 پر)

پاکستان اور ویٹی کن کا بین المذاہب ہم آہنگی، پرامن بقائے باہمی کے فروغ پر اتفاق

پاکستان ثالثی، مکالمے اور سفارت کاری کے ذریعے خطے میں امن کے قیام کیلئے اہم کردار ادا کر رہا ہے، آرچ بشپ پال رچرڈ

وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے پوپ لیو چہاردہم کی جانب سے امن اور مسئلہ فلسطین کے منصفانہ حل کیلئے کیے جانے والے اصولی مطالبات کو سراہا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور ویٹی کن نے بین المذاہب ہم آہنگی، باہمی احترام اور پرامن بقائے باہمی کے فروغ کے ساتھ ساتھ سفارتی تعلقات مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار اور ہولی سی کے سیکرٹری برائے تعلقات ریاست آرچ بشپ پال رچرڈ گالاگر کے درمیان ملاقات میں مکالمے، علاقائی و عالمی امن اور مختلف مذاہب کے درمیان افہام و تفہیم (بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر)

پاکستان تحریک انصاف کا اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے رابطہ

مذاکرات کا تیسرا دور لازمی ہونا چاہیے، مذاکرات ہوں گے تو معاملات بہتری کی طرف جائیں گے، علی محمد خان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے علی محمد خان نے ایاز صادق سے رابطہ کیا۔ پی ٹی آئی رہنما علی محمد خان نے بتایا کہ مذاکرات کا تیسرا دور لازمی ہونا چاہیے، مذاکرات ہوں گے تو معاملات بہتری کی طرف جائیں گے، ہم چاہتے ہیں کہ (بقیہ نمبر 71 صفحہ 3 پر)

امریکی مڈٹرم انتخابات، ٹرمپ کا ایران پر حملہ نہ کرنے کا اعلان

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اعلان کیا ہے کہ امریکا امریکی وسط مدتی انتخابات سے پہلے ایران پر حملہ نہیں کرے گا۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق میڈیا رپورٹس کے مطابق ٹرمپ نے میڈیا نمائندوں سے گفتگو کے دوران کہا کہ امریکہ میں مڈٹرم انتخابات سے قبل ہم ایران پر حملہ نہیں کریں گے۔ تجزیہ کاروں کا کہنا تھا کہ ٹرمپ کے اس (بقیہ نمبر 70 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: نائب وزیراعظم اسحاق ڈار او آئی سی کونسل آف ہیڈز آف اسٹیٹ سربراہی اجلاس کے انتظامات کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیراعلیٰ کے پی سہیل آفریدی کے بیان پر علی امین گنڈاپور کا مبینہ آڈیو پیغام لیک

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کے بیان پر سابق وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور کا آڈیو پیغام لیک ہو گیا، سابق وزیراعلیٰ کے ترجمان فراز مغل نے آڈیو کے درست ہونے کی تصدیق کر دی۔ علی امین گنڈاپور نے آڈیو پیغام میں وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کو مخاطب کرتے ہوئے کہا ہے کہ میدان میں جانا ٹیپو سلطان صاحب! اپنی زبان کو لگام دو، اس طرح (بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

حوثی باغیوں کے حملوں کا خدشہ، پی آئی اے نے ریاض کے لیے پروازیں معطل کر دیں

مشرق وسطیٰ کی صورتحال کے پیش نظر یہ فیصلہ کیا، مسافر روانگی سے قبل پی آئی اے سے رابطہ کریں، ترجمان پی آئی اے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز نے مشرق وسطیٰ کی کشیدہ صورتحال کے سبب ریاض کے لیے پروازیں معطل کر دیں اس فیصلے پر عمل کرتے ہوئے پی آئی اے کی اسلام آباد سے ریاض جانے والی پرواز PK-753 اور ریاض سے (بقیہ نمبر 69 صفحہ 3 پر)

مولانا اچھا کردار ادا کریں گے، ہم ابھی مذاکرات کیلئے تیار ہیں، بیرسٹر گوہر

گورنر راج یا ایمرجنسی لگانا مسئلے کا حل نہیں، سہیل آفریدی نے کبھی دہشت گردوں کی حمایت میں بیان نہیں دیا، چیئرمین پی ٹی آئی

حکومت اور اپوزیشن کی گاڑیاں کیچڑ میں پھنسی ہیں، انا ختم کریں، بیٹھ کر مذاکرات کریں، پی ٹی آئی اب بھی بامقصد مذاکرات کے لیے تیار ہے

چارسدہ (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا امید ہے کہ مولانا فضل الرحمان مذاکرات میں اچھا کردار ادا کریں گے، ہم اب بھی بامقصد مذاکرات کیلئے تیار ہیں۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ہم نے بہت کوشش کی، مولانا کو اپوزیشن الائنس میں شامل کریں، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پی ٹی آئی ریاست کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا گورنر راج یا ایمرجنسی (بقیہ نمبر 68 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی اور جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب سپریم کورٹ آف پاکستان میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پی ٹی آئی سے مذاکرات میں بڑے بریک تھرو کی زیادہ امید نہیں، رانا ثناء اللہ

حکومت ایک طرف مذاکرات کے امکانات کا جائزہ لے رہی ہے تو دوسری جانب پی ٹی آئی کے لانگ مارچ کی صورتحال بھی دیکھ رہی ہے

تمام معاملات پر مکمل بات چیت ہوئی تھی اور یہ اتفاق بھی ہوا تھا کہ اگر کوئی مسئلہ پیدا ہوتا ہے تو بات چیت کیلئے پلیٹ فارم فراہم کیا جائے گا، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ تحریک انصاف کے ساتھ مذاکرات میں فی الحال کسی بڑے بریک تھرو کی زیادہ امید نہیں تاہم حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان صورتحال اتنی پیچیدہ بھی نہیں کہ بات چیت کا راستہ مکمل طور پر بند ہو جائے۔ ایک انٹرویو میں رانا ثناء اللہ نے کہا کہ پی ٹی آئی کے ساتھ مذاکرات ختم ہونے کے بعد بھی رابطے رہے ہیں، محسن نقوی کے (بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر)

پینٹاگون نے ایران کیخلاف 3 روزہ فضائی حملوں کا منصوبہ تیار کرلیا

صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے محکمہ دفاع کو یہ منصوبہ تیار کرنے کی ہدایت کی تھی، امریکی حکام

واشنگٹن (این این آئی) امریکی اخبار نے دعویٰ کیا ہے کہ پینٹاگون نے ایران کے خلاف 3 روزہ فضائی حملوں کا منصوبہ تیار کیا ہے جس میں ایران کے میزائل اور ڈرون ذخائر، توانائی کی تنصیبات اور فوجی کمانڈ مراکز کو نشانہ بنانے کے امکانات شامل ہیں۔ امریکی اخبار (بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم شہباز شریف نے ٹرمپ کو نوبیل امن انعام کیلئے پھر نامزد کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو ایک بار پھر امن کے سب سے بڑے انعام نوبیل کے لیے نامزد کر دیا۔ سماجی رابطے کی (بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر)

خیبر پختونخوا کی صورتحال پر ہم سب گلے تک بھر چکے ہیں، بیرسٹر دانیال

وزیراعلیٰ صوبے کے گول چکر لگا رہا ہے اور کابینہ ٹاپنے میں مصروف ہے، وفاقی پارلیمانی سیکرٹری

راولپنڈی (این این آئی) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات و نشریات بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا کی صورتحال پر ہم سب گلے تک بھر چکے ہیں، سیاسی جماعتوں کو فیصلہ کرنا چاہئے اور اب یہ مزید نہیں چلنے دینا چاہیے۔ پریس کلب میں پریس (بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر)

جنگ کے خاتمے کیلئے ایران کی ہر ممکن مدد کریں گے، پیوٹن

جنگ کے باوجود ایران امریکا کے ساتھ مذاکرات سے دستبردار نہیں ہوگا، روسی صدر

تہران (این این آئی) ایرانی صدر مسعود پزشکیان کی ترکمانستان میں روسی صدر ولادیمیر پیوٹن سے ملاقات ہوئی ہے۔ اس موقع پر روسی صدر ولادیمیر پیوٹن نے کہا کہ روس ایران جنگ کے خاتمے کے لیے ہر ممکن کوشش کرنے کو تیار ہے۔ روسی میڈیا کے مطابق اس (بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر)

بلوچستان اسمبلی، محکمہ جنگلات میں ہونے والی بے ضابطگیوں سے متعلق کمیٹی نہ بنانے کا اعلان

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں اسپیکر کی جانب سے محکمہ جنگلات میں ہونے والی بے ضابطگیوں سے متعلق کمیٹی نہ بنانے کا اعلان، قائد حزب اختلاف (بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر)

سرکاری ملازمین کو فوری اور سستا انصاف فراہم کرنا اولین ترجیح ہے، اعظم نذیر تارڑ

وزارت قانون و انصاف فیڈرل سروس ٹریبونل کو بہتر انتظامی و مالی معاونت فراہم کرے گی، وزیر قانون

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ سرکاری ملازمین کو فوری اور سستا انصاف فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، وزارت قانون و انصاف فیڈرل سروس ٹریبونل کو بہتر انتظامی و مالی معاونت فراہم کرے گی تاکہ زیر التوا اپیلوں کے جلد اور شفاف فیصلوں کو یقینی بنایا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے (بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر)

خیبر پختونخوا میں تحریک انصاف کا لانگ مارچ ناکام ہو چکا، تیا پانچہ ہو گیا، طارق فضل چوہدری

پولیس، فوجی جوان اور شہریوں کا خون بہہ رہا ہے، اسے روکنے کے لیے ممکنہ طور پر ایمرجنسی لگائی جائے گی

ماضی میں بھی ان کے لانگ مارچ روکے ہیں، اب بھی روکیں گے، ان کے رہنما آپس میں لڑ رہے ہیں، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری کا کہنا ہے کہ خیبر پختونخوا میں تحریک انصاف کا لانگ مارچ ناکام ہو چکا ہے اور تیا پانچہ ہو گیا ہے، ان کے رہنما آپس میں لڑ رہے ہیں۔ جمعہ کو پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر)

جوڈیشل کمیشن نے دو نئے ارکان کی تقرری کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا، بلاول بھٹو زرداری اور رانا ثناء اللہ ممبر بن گئے

اسلام آباد (آن لائن) جوڈیشل کمیشن آف پاکستان نے دو نئے ارکان کی تقرری کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ بلاول بھٹو زرداری اور رانا ثناء اللہ ممبر بن گئے۔ 13 اکتوبر (بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر)

حوثیوں کیخلاف اپنی فوج کسی دوسرے ملک کی سرزمین پر نہیں بھیجیں گے، ترکیہ

معاہدے کے تحت اگر تینوں میں سے کسی ایک ملک پر حملہ ہوتا ہے تو دیگر اس کا دفاع میں ساتھ دیں گے، وزیر خارجہ

انقرہ (این این آئی) ترکیہ نے واضح کیا ہے کہ وہ فوج کسی دوسرے ملک کی سرزمین پر نہیں بھیجے گا۔ ترک وزیر خارجہ حاقان فیدان نے انقرہ میں سعودی عرب کے ساتھ دفاعی معاہدے کے باوجود یمن کے حوثیوں کے خلاف کارروائی کے لیے اپنی اپنے ہنگری ہم (بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم کی سعودی عرب کے خلاف حوثی ملیشیا کے دہشتگرد حملوں کی مذمت

پاکستان، مملکت سعودی عرب کی قیادت اور عوام کے ساتھ غیر متزلزل یکجہتی کے ساتھ کھڑا ہے، شہباز شریف

شہباز شریف کا معصوم جانوں کے تحفظ اور مملکت کی سلامتی کو یقینی بنانے کیلئے ان کی مسلسل کوششوں کو خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے جمعہ کو سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر ایک بیان میں وزیراعظم نے کہا کہ وہ مملکت سعودی عرب کے خلاف حوثی ملیشیا کے دہشت گرد حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے سعودی قیادت اور عوام کے ساتھ غیر متزلزل یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔ خلاف حوثی ملیشیا کے بار بار ہونے والے دہشت گرد حملوں کی شدید مذمت کرتے ہیں جن میں ریاض کے کنگ (بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو اسمبلی اجلاس کے دوران گفتگو کر رہے ہیں

بلوچستان اسمبلی اجلاس، پیٹرولیم لیوی ختم کرنے، واشک میں ٹراما سینٹر کے قیام کی قرارداد منظور

معذور افراد کے حقوق ایکٹ 2017 کے تحت ملازمتوں میں پانچ فیصد کوٹے پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنانے کے حوالے سے قرارداد منظور

سی پیک منصوبوں کی تفصیلات، ضلع واشک میں محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کا دفتر قائم کرنے سے متعلق الگ الگ توجہ دلاؤ نوٹسز نمٹا دیئے گئے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی نے پیٹرولیم لیوی ختم کرنے، قرارداد میں بلوچستان معذور افراد کے حقوق ایکٹ 2017 کے تحت ملازمتوں میں پانچ فیصد کوٹے پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنانے، ضلع واشک میں ٹراما سینٹر کے قیام کی قرارداد منظور کر لی گئیں، (بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر)

بلوچ نوجوانوں کو لاحاصل جنگ میں دھکیل کر ان کے ہاتھوں میں بندوق تھما دی گئی، میر سرفراز بگٹی

بلوچستان کے نوجوانوں کا مستقبل پہاڑوں پر نہیں بلکہ کھیلوں کے میدانوں، روزگار کے مواقع اور ایک پرامن پاکستان سے وابستہ ہے

نوجوانوں کو یہ سمجھنا ہوگا کہ ان کا مستقبل دہشت گردی اور تشدد میں نہیں بلکہ تعلیم، کھیل، روزگار اور پرامن معاشرے کی تعمیر میں ہے، میڈیا سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچ نوجوانوں کو ایک لاحاصل جنگ میں دھکیل کر ان کے ہاتھوں میں پہاڑوں پر نہیں بلکہ کھیلوں کے میدانوں، روزگار کے مواقع اور ایک پرامن پاکستان سے وابستہ ہے۔ بلوچستان کے نوجوانوں کا مستقبل (بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر)

پاک فوج کے ہاتھوں ہلاک خارجی دہشتگرد کی افغانستان میں تعزیتی تقریب

طالبان رجیم پاکستان سمیت ہمسایہ ممالک میں دہشتگردوں کی مکمل سرپرستی اور پشت پناہی کر رہی ہے، رپورٹ

کابل (این این آئی) پاک فوج کے ہاتھوں ہلاک ہونے والے خارجی دہشتگرد کی افغانستان میں تعزیتی تقریب کا انعقاد کیا گیا ہے۔ افغانستان سے پاکستان میں جاری سرحد پار دہشتگردی کا ایک اور واضح ثبوت سامنے آ گیا۔ افغان طالبان رجیم پاکستان سمیت ہمسایہ ممالک میں دہشتگردوں کی مکمل سرپرستی اور پشت پناہی کر رہی ہے۔ افغان میڈیا رپورٹس کے (بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر)

حافظ نعیم الرحمان کا مفت تعلیم کے حق میں تحریک شروع کرنے کا اعلان

پشاور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے مفت تعلیم کے حق میں تحریک شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ خیبر پختونخوا کے دارالحکومت پشاور کے پریس کلب میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ ملک میں مہنگائی، بجلی کے بھاری بلوں اور پیٹرول کی بڑھتی قیمتوں نے عوام کو شدید مشکلات سے دوچار کر رکھا ہے جبکہ حکومت (بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی آل پاکستان وزیراعلیٰ بلوچستان فٹبال گولڈ کپ کی فاتح اور رنر اپ ٹیم کے کپتانوں کو ٹرافی دے رہے ہیں

ایران کا یورینیم افزودگی ترک کرنے اور افزودہ ذخائر حوالے کرنے سے انکار

یورینیم کی افزودگی جوہری عمل کا ایک لازمی اور ناقابل علیحدگی حصہ ہے، محمد اسلامی

تہران (این این آئی) ایران نے یورینیم افزودہ کرنے کے اپنے حق سے دستبردار ہونے اور افزودہ یورینیم کے ذخائر حوالے کرنے سے انکار کر دیا۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ایرانی جوہری توانائی تنظیم کے سربراہ محمد اسلامی نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر)

لاہور: پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف سے گورنر سندھ سید نہال ہاشمی ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ عوام
ہفتہ 10 اکتوبر 2026
081-2832244 081-2822255 051-2890437 051-2890427 32755 32266

ایڈوانی اور طاقتور بھارتی الیکشن کمیشن

تحریر: نصرت جاوید

[illegible]

... بعد بھارت ... کے مسلمان ''پنجاب سے آیا مہاجر'' پکارتے تھے۔ مجھ سے گفتگو کرتے ہوئے سیاسی طور پر متحرک کئی مسلمان مصر رہتے ہیں کہ 1947 کے دوران ہوئے فسادات کی وجہ سے پاکستان سے بھارت منتقل ہوئے مہاجر ذاتی تجربات کی وجہ سے سیکولرازم کے کٹر ... جانب سے پاکستان کے ساتھ دوستی پالن کی خاطر اٹھائے اقدامات کو نہایت مکاری سے سبوتاژ کرتا رہا۔ اقتدار سے رخصت کے بعد تاہم بڑھاپے میں داخل ہوتے ہوئے ہندو انتہا پسند خیالات سے رجوع کرنا شروع ہوگیا۔ اس کے نظریات میں نرمی مگر سیاسی حوالے سے بے اثر رہی۔ ... انتہا پسندوں کا غلبہ اس کہانی کے ذریعے یقینی بنایا گیا ہے۔ اس کہانی کے موجد ایڈوانی کا نام مگر ''شدھ'' بنائی انتخابی فہرست سے غائب ہوسکتا تھا اور اس کی بدولت ہمیں جیسی کرنی ویسی بھرنی کی عملی مثال مل سکتی تھی۔

☆☆☆☆

قوم زندہ ہے۔۔۔براہِ کرم اسے جگائیے مت!

تحریر: محمد اکرم چوہدری

[illegible] ... اور پھر آتے ہیں ہمارے بلدیاتی انتخابات، اللہ انہیں لمبی عمر دے یہ آنے کی خبر اتنی مرتبہ دے چکے ہیں کہ اب ان کا آنا تقریباً ثانوی مسئلہ بن گئیں، مبارک باد کے اشتہار بھی چھپ گئے اس کے بعد؟ اختیار کہاں ہوگا؟ پیسہ کس کے پاس ہوگا؟ افسر کس کی سنے گا اور شہری اپنی گلی کا مسئلہ لے کر آخر کس دروازے پر جائے گا؟ کہیں ایسا تو نہیں کہ ہمارے بلدیاتی نمائندے بھی جمہوریت کے اس عجائب گھر میں سجا دیئے جائیں جہاں تختی لگی ہو ''منتخب عوام نے کیا تھا، اختیار دیکھنے کے لیے اگلے کمرے میں تشریف لے جائیں۔'' یہیں ہنسی ذرا حلق میں اٹک جاتی ہے کیونکہ معاملہ صرف بلدیات کا نہیں۔ اسمبلیاں بھی آخر عزت ووٹ سے لیتی ہیں اور ووٹ اپنی عزت اختیار سے لیتا ہے اگر منتخب آدمی اپنے ووٹر کے سامنے جواب دہ ہو مگر فیصلے اس کے ہاتھ میں نہ ہوں تو پھر سوال کسی ایک حکومت، ایک جماعت یا ایک دور کا نہیں رہتا پھر سوال نظام سے ہوتا ہے: حضور، عوام کو مالک کہتے ہیں یا مالک سمجھتے بھی ہیں؟
ہم عجیب مالک ہیں بجلی مہنگی ہو تو بل دیتے ہیں، پانی نہ آئے تو ٹینکر ڈھونڈتے ہیں، سڑک ٹوٹے تو گاڑی ٹھیک کراتے ہیں، گٹر ابلے تو پائنچے اٹھاتے ہیں، دفتر جائیں تو سفارش تلاش کرتے ہیں، اور الیکشن آئے تو سینہ پھلا کر بتایا جاتا ہے: فیصلہ آپ کے ہاتھ میں ہے! ہم بھی خوش ہو جاتے ہیں آخر پانچ سال میں ایک دن بادشاہ بننے کا لطف ہی کچھ اور ہے پھر اگلی صبح تاج واپس، تخت واپس، اختیار واپس، اور بادشاہ سلامت دوبارہ قطار میں۔ شاید ہماری سیاسی بے حسی کی سب سے بڑی کامیابی یہی ہے کہ اب بہت سی بے توقیریاں ہمیں بے توقیری لگتی ہی نہیں۔
ہم خبر سنتے ہیں، مسکراتے ہیں، چائے کا گھونٹ لیتے ہیں، کہتے ہیں: ''یہاں ایسا ہی ہوتا ہے۔'' اور یہی پانچ لفظ شاید پورے سیاسی نظام کی سب سے مضبوط فصیل ہیں ''یہاں ایسا ہی ہوتا ہے۔'' انتخابات ملتوی؟ ایسا ہی ہوتا ہے اختیار کہیں اور؟ ایسا ہی ہوتا ہے منتخب نمائندہ بے بس؟ ایسا ہی ہوتا ہے عوام دروازے پر؟ ایسا ہی ہوتا ہے پھر ایک دن سوال یہ نہیں رہے گا کہ ہمارے اداروں کی توقیر کس نے کم کی، سوال یہ ہوگا کہ جب توقیر کم ہو رہی تھی تو ہم کیا کر رہے تھے؟ شاید ہم ٹی وی دیکھ رہے تھے شاید موبائل پر اگلی خبر پڑھ رہے تھے شاید اپنی پسند کی جماعت کے حق میں دلیل ڈھونڈ رہے تھے اور شاید دوسری جماعت کی بے توقیری پر خوش ہو رہے تھے، یہ بھول کر کہ جس دن ووٹ کی توقیر کم ہوتی ہے، اس دن صرف مخالف کا ووٹ چھوٹا نہیں ہوتا، اپنا ووٹ بھی قد کھو دیتا ہے۔ اسی لیے حکومت اور اپوزیشن مذاکرات ضرور کریں۔ پیپلز پارٹی بھی اپنی سیاست کرے دوسری جماعتیں بھی اپنے پتے سنبھال کر رکھیں بلدیاتی انتخابات بھی کروایئے، ڈھول بھی بجایئے، بینر بھی لگایئے مگر ایک چھوٹی سی گزارش ہے: عوام کو بھی کبھی مذاکرات میں شامل کر لیجیے میز پر نہیں تو کم از کم فیصلے میں، کیونکہ سوال اب یہ نہیں کہ اگلا الیکشن کون جیتے گا، سوال اس سے کہیں چھوٹا بھی ہے اور کہیں بڑا بھی: جیتنے والے کو اختیار ملے گا؟ اور اس سے بھی بڑا سوال، جس عوام کے نام پر سب جیتتے ہیں، وہ آخر کب جیتیں گے؟ ممکن ہے جواب ہمارے پاس ہی ہو مگر فی الحال قوم زندہ ہے بس احتیاط کیجیے اسے جگائیے مت!

لائیو اسٹاک، پاکستان کی معیشت اور برآمدات کا روشن مستقبل

تحریر: محمود خان

پاکستان ایک زرعی ملک ہے اور دیہی معیشت میں لائیو اسٹاک کو بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ لاکھوں دیہی خاندانوں کا روزگار براہِ راست یا بالواسطہ مویشی پالنے سے وابستہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ لائیو اسٹاک محض دودھ اور گوشت کی پیداوار کا شعبہ نہیں بلکہ ملکی معیشت، روزگار، غذائی تحفظ اور برآمدات کے فروغ کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت لائیو اسٹاک کے شعبے کی اصلاحات کے حوالے سے ہونے والا حالیہ اعلیٰ سطح کا اجلاس اس شعبے کی حقیقی صلاحیت کو بروئے کار لانے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔ وزیراعظم نے لائیو اسٹاک کی برآمدات میں اضافے کے لیے درآمد شدہ اعلیٰ نسل کے مویشیوں کو خصوصی فارمز میں پال کر برآمد کرنے کی منظوری دی ہے۔ اس مقصد کے لیے خصوصی فارمز قائم کیے جائیں گے جہاں زیادہ پیداوار دینے والے اعلیٰ نسل کے مویشی درآمد کرکے ان کی مناسب نشوونما کی جائے گی اور بعد ازاں انہیں عالمی منڈیوں میں برآمد کیا جائے گا۔ وزیراعظم نے ان خصوصی فارمز کے لیے مویشیوں کی درآمد کو ڈیوٹی فری کرنے کی ہدایت بھی کی ہے۔ یہ فیصلہ پاکستان کے لائیو اسٹاک سیکٹر کو جدید اور برآمدی بنیادوں پر استوار کرنے میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔ عالمی منڈی میں صرف مویشیوں کی تعداد اہم نہیں بلکہ جانوروں کی نسل، صحت، وزن، معیار، ٹریس ایبلٹی اور بین الاقوامی صحت کے معیار بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ اسی لیے وزیراعظم نے خصوصی فارمز میں پالے جانے والے مویشیوں کی شناخت اور نگرانی کے لیے جدید ٹیگنگ سسٹم متعارف کرانے کی ہدایت کی ہے، جس سے جانوروں کی مکمل ٹریس ایبلٹی ممکن ہوگی۔ وطن عزیز میں تقریباً 245 ملین مویشی موجود ہیں اور ان کی مجموعی مالیت تقریباً 5.5 کھرب روپے بتائی گئی ہے۔ لائیو اسٹاک کا قومی معیشت میں تقریباً 97.14 فیصد جبکہ زرعی معیشت میں 6.63 فیصد حصہ ہے۔ ملک میں سالانہ تقریباً 69.74 ملین ٹن دودھ اور 31.6 ملین ٹن گوشت پیدا ہوتا ہے۔ پاکستان کے پاس لائیو اسٹاک کے شعبے میں ایک بہت بڑا معاشی اثاثہ موجود ہے۔ اس شعبے سے تقریباً 80 لاکھ دیہی خاندان وابستہ ہیں، مویشی پالنے والوں کو جدید تربیت، بہتر نسل، معیاری خوراک، بروقت ویکسینیشن، ویٹرنری سہولیات اور منڈیوں تک بہتر رسائی فراہم کی جائے تو دیہی معیشت میں نمایاں بہتری لائی جاسکتی ہے۔ پاکستان کے لیے گوشت کی برآمدات میں اضافے کے بھی وسیع امکانات موجود ہیں۔ مالی سال 26-2025 میں گوشت کی برآمدات تقریباً 530 ملین ڈالر رہی، جبکہ اس وقت پاکستان کا زیادہ تر گوشت خلیجی ممالک کو برآمد کیا جاتا ہے۔ متحدہ عرب امارات، سعودی عرب، کویت اور قطر اہم منڈیاں ہیں، جبکہ ملائیشیا، چین اور دیگر ممالک پاکستان کے لیے نئی اور توسیعی برآمدی منڈیوں کے طور پر اہم ثابت ہوسکتے ہیں۔ تاہم عالمی منڈی میں اپنی جگہ مضبوط کرنے کے لیے پاکستان کو صرف گوشت کی مقدار بڑھانے کے بجائے معیار، حفظان صحت اور ویلیو ایڈیشن پر توجہ دینا ہوگی۔ اسی تناظر میں وزیراعظم نے ملک بھر میں قائم مذبح خانوں کی بین الاقوامی سرٹیفکیشن یقینی بنانے اور ان کے معیار کی تھرڈ پارٹی ویلیڈیشن کرانے کی ہدایت کی ہے۔ یہ اقدام پاکستانی گوشت کو عالمی معیار کے مطابق بنانے اور بین الاقوامی خریداروں کا اعتماد حاصل کرنے میں مددگار ثابت ہوسکتا ہے۔
لائیو اسٹاک کے شعبے میں بیماریوں کا خاتمہ بھی انتہائی اہم ہے۔ وزیراعظم نے وزارت قومی غذائی تحفظ کو صوبائی حکومتوں کے ساتھ مل کر بیماریوں کے خاتمے کے لیے موثر اقدامات کرنے اور مقررہ اہداف کے ساتھ آئندہ دو ہفتوں میں لائحہ عمل پیش کرنے کی ہدایت کی ہے۔ حکومت کی جانب سے جانوروں کی بیماریوں کی نگرانی، ویکسینیشن، ڈیجیٹل مانیٹرنگ، ٹریس ایبلٹی، منہ کھر سے پاک زونز اور کمپارٹمنٹس کے قیام کے اقدامات اس شعبے کو عالمی معیار کے قریب لے جانے میں مدد دے سکتے ہیں۔ اگر ان اقدامات پر شفافیت، تسلسل اور صوبائی سطح پر موثر عمل درآمد یقینی بنایا جائے تو پاکستان کے لیے عالمی حلال گوشت کی منڈی میں اپنا حصہ بڑھانا ممکن ہوگا۔ حکومت کا فیڈ لاٹ فارمنگ، کولڈ چین، ڈی بوننگ، ویلیو ایڈڈ مصنوعات اور برآمدی انفراسٹرکچر کو فروغ دینے پر توجہ دینا ایک مثبت قدم ہے۔ ماہرین کے تجربے سے فائدہ اٹھا کر لائیو اسٹاک کے لیے جدید انتظامی نظام تشکیل دیا جاسکتا ہے، اس سے سرمایہ کاری بڑھے گی۔
لائیو اسٹاک کی ترقی دراصل دیہی پاکستان کی ترقی ہے۔ اگر مویشی پالنے والے کسان کو بہتر نسل کا جانور، سستی اور معیاری خوراک، علاج، انشورنس، جدید فارمنگ کی تربیت اور مناسب قیمت پر اپنی پیداوار فروخت کرنے کی سہولت مل جائے تو اس کے گھریلو معاشی حالات بہتر ہوسکتے ہیں۔ اس کے نتیجے میں دیہی علاقوں میں روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور غربت میں کمی لانے میں بھی مدد ملے گی۔ وطن عزیز میں مویشیوں کی بڑی تعداد، وسیع زرعی رقبہ، تجربہ کار افرادی قوت اور حلال گوشت کی عالمی منڈی کے لیے موزوں ماحول موجود ہے۔
وزیراعظم کی جانب سے گوشت، لائیو اسٹاک اور اس سے منسلک مصنوعات کی برآمدات کے واضح اہداف مقرر کرنے کی ہدایت اس جانب اہم قدم ہے۔ یہ امر حقیقی ہے کہ لائیو اسٹاک کو محض دیہی سرگرمی سمجھنے کے بجائے اسے قومی برآمدی حکمت عملی کا اہم ستون بنایا جائے۔ جدید فارمز، اعلیٰ نسل کے مویشی، بیماریوں سے پاک زونز، بین الاقوامی سرٹیفکیشن، ویلیو ایڈیشن اور عالمی معیار کی مارکیٹنگ کے ذریعے پاکستان اس شعبے میں ایک مضبوط مقام حاصل کرسکتا ہے۔ لائیو اسٹاک آنے والے برسوں میں پاکستان کی معیشت، دیہی ترقی اور برآمدات کے لیے ایک روشن مستقبل کی بنیاد بن سکتا ہے۔

☆☆☆☆

پاک بحرین تعلقات

پاکستان اور بحرین نے تجارت و سرمایہ کاری، صنعتی تعاون، زراعت و غذائی تحفظ، ہنرمندی، اعلیٰ تعلیم، انفارمیشن ٹیکنالوجی، لاجسٹکس اور بحری امور سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کرتے ہوئے خلیج تعاون کونسل اور پاکستان کے درمیان آزاد تجارتی معاہدے کو حتمی شکل دینے کے عزم کا بھی اظہار کیا ہے۔ نائب وزیراعظم اسحٰق ڈار نے فلسطینی عوام اور ان کے ناقابل تنسیخ حقوق کے لیے اپنی اصولی حمایت کا اعادہ اور غیر قانونی بستیوں کی مسلسل توسیع اور القدس الشریف کی حیثیت تبدیل کرنے کی کوششوں پر تشویش کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ بھارت کی جانب سے معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل کرنا بین الاقوامی قانون کی سنگین خلاف ورزی اور مشترکہ آبی وسائل کو ہتھیار کے طور پر استعمال کرنے کی خطرناک کوشش ہے، ایسا اقدام پاکستان کے 25 کروڑ عوام کی پانی، غذائی اور توانائی کی سلامتی کو خطرے میں ڈالتا ہے۔ افغان سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال نہیں ہونی چاہیے۔ پاکستان۔ بحرین مشترکہ وزارتی کمیشن کے تیسرے اجلاس کے اختتام پر، بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے محمد اسحاق ڈار نے کہا کہ اجلاس انتہائی دوستانہ اور تعمیری ماحول میں منعقد ہوا جس میں پاکستان اور بحرین کے درمیان دیرینہ دوستی، برادرانہ تعلقات اور باہمی اعتماد کی عکاسی ہوئی۔ دونوں ممالک کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 50 ویں سالگرہ ہے اور اس موقع پر دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا ہے۔ سینئر اسحاق ڈار نے بتایا کہ وزارتی کمیشن کے تیسرے اجلاس کا پروٹوکول طے پا گیا ہے جو باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط اور وسعت دینے کے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ اجلاس کا اہم نتیجہ متعدد مشترکہ ورکنگ گروپس کو فعال بنانا ہے، جو باقاعدہ رابطے اور مشترکہ وزارتی کمیشن کے فیصلوں پر موثر عملدرآمد یقینی بنانے میں مدد دیں گے۔

روزنامہ عوام کھیلوں کی دنیا

انچارج شجاع



دنیا بھر سے خراج تحسین، میسی کے الوداع پر رونالڈو کا جذباتی پیغام

اپنے ملک کی نمائندگی میں میسی نے جو مقام حاصل کیا، وہ ہمیشہ یاد رکھا جائیگا، رونالڈو، ارجنٹائن کیلئے میسی کی کامیابیوں کو سلام پیش

بیونس آئرس (این این آئی) ارجنٹائن کے اسٹار فٹبالر لیونل میسی کے شاندار بین الاقوامی سفر کے اختتام پر دنیا بھر سے انہیں خراجِ تحسین پیش کیا جا رہا ہے۔ فٹبال کی دنیا میں میسی کے دیرینہ حریف پرتگال سے تعلق رکھنے والے اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو نے بھی اپنے پیغام کے ذریعے میسی کو خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔ میسی نے بینن کے خلاف ارجنٹائن کی 0-3 سے کامیابی میں ایک گول کیا اور دو گولز میں معاونت کی۔ بیونس آئرس کے مونومینٹل اسٹیڈیم میں 85 ہزار سے زائد شائقین نے اپنے ہیرو کو جذباتی انداز میں الوداع کہا۔ تقریب میں موسیقی، خصوصی خراجِ تحسین اور ڈرون شو بھی شامل تھا۔ میسی کی الوداعی تقریب کے بعد رونالڈو نے ان کی انسٹاگرام پوسٹ پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ اپنے ملک کی نمائندگی میں میسی نے جو مقام حاصل کیا، وہ ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، اور انہوں نے ارجنٹائن کے لیے میسی کی کامیابیوں کو سلام پیش کیا۔ میسی اور رونالڈو نے دو دہائیوں سے زائد عرصے تک عالمی فٹبال پر حکمرانی کی اور مسلسل ایک دوسرے سے موازنہ کیا جاتا رہا۔ اب دونوں اپنے کیریئر کے آخری مرحلے میں ہیں، اس لیے شائقین کے لیے بہتر یہی ہے کہ بحث اور مقابلے سے بڑھ کر ان دونوں عظیم کھلاڑیوں کی غیر معمولی صلاحیتوں سے لطف اٹھایا جائے۔

پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان 5 میچز کی ٹیسٹ سیریز کا امکان

سڈنی (این این آئی) کرکٹ آسٹریلیا پاکستان کی ٹیسٹ میزبانی کو وسعت دینے کا خواہاں ہے۔ کرکٹ آسٹریلیا کے چیف ایگزیکٹو ٹوڈ گرین برگ نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ پاکستان طویل ٹیسٹ سیریز کیلئے ممکنہ حریف ہے کیونکہ ہمارے ملک میں پاکستانی تارکین وطن کی وسیع تعداد موجود ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان ٹیم کی 5 ٹیسٹ میچز کیلئے میزبانی کر سکتے ہیں۔ ٹوڈ گرین برگ نے اگلی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ دورانیے میں 12 ٹیموں کی شرکت کو حقیقت کے قریب بھی قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ دو برس کے لیے زمبابوے، افغانستان اور آئرلینڈ کو بھی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ میں شرکت کا موقع مل سکتا ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان ٹیم دسمبر 2027 میں آسٹریلیا کا دورہ کرے گی۔

گنداخہ میں کنگ آف دی گراؤنڈ ٹورنامنٹ

باغیل الیون نے شاندار کامیابی حاصل کرتے ہوئے فائنل اپنے نام کرلیا

گنداخہ (آن لائن) گنداخہ میں کنگ آف دی گراؤنڈ ٹورنامنٹ کا شاندار اور سنسنی خیز فائنل سرکل کی دو بڑی ٹیموں باغیل الیون اور غلام محمد ٹائیگرز کے درمیان کھیلا گیا، جس میں باغیل الیون نے بہترین کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے فائنل جیت کر کنگ آف دی گراؤنڈ کی ٹرافی اپنے نام کرلی۔ کھیلوں کے انعقاد سے نوجوانوں کو اپنی صلاحیتیں اجاگر کرنے کے مواقع ملتے ہیں اور وہ مثبت و صحت مند سرگرمیوں کی جانب راغب ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے ٹورنامنٹس نوجوان نسل میں کھیلوں کا جذبہ پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ علاقے میں بھائی چارے اور مثبت سرگرمیوں کے فروغ کا ذریعہ بھی بنتے ہیں۔ میر یاسر جمالی تفصیلات کے مطابق ٹورنامنٹ کے انعقاد میں ڈپٹی کمشنر ہرنائی میر ارشد حسین جمالی کا خصوصی تعاون حاصل رہا، جبکہ ٹورنامنٹ کے آرگنائزر جمال الدین عطاری تھے۔ فائنل میچ میں باغیل الیون نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 10 اوورز میں شاندار بیٹنگ کا مظاہرہ کیا اور غلام محمد ٹائیگرز کو 121 رنز کا ہدف دیا۔ ہدف کے تعاقب میں غلام محمد ٹائیگرز کی ٹیم مطلوبہ رنز بنانے میں ناکام رہی اور پوری ٹیم آل آؤٹ ہوگئی، جس کے بعد باغیل الیون نے شاندار کامیابی حاصل کرتے ہوئے فائنل اپنے نام کرلیا۔ فائنل میچ کے مہمانِ خصوصی میر یاسر حسین جمالی، استاد ذاکر حسین جمالی اور استاد اللہ بخش تھیم تھے۔ گراؤنڈ پہنچنے پر مہمانانِ خصوصی اور دیگر معزز شخصیات کا شاندار استقبال کیا گیا، انہیں پھولوں کے ہار پہنائے گئے۔ بعد ازاں مہمانوں نے دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں سے تعارف حاصل کیا اور کھلاڑیوں کے ساتھ گھل مل کر ان کی حوصلہ افزائی کی۔ میچ کے دوران گراؤنڈ میں شائقین کرکٹ کی بڑی تعداد موجود رہی، جنہوں نے دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں کی شاندار کارکردگی کو بھرپور داد دی۔ میچ کے اختتام پر کامیاب باغیل الیون کے کھلاڑیوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی، جبکہ شائقین نے فاتح ٹیم کو مبارکباد پیش کی۔ تقریب کے اختتام پر ونر باغیل الیون اور رنر اپ غلام محمد ٹائیگرز کے کھلاڑیوں میں ٹرافیاں اور نقد انعامات تقسیم کیے گئے۔ مہمانانِ خصوصی نے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے اور ٹورنامنٹ کے کامیاب انعقاد پر آرگنائزر جمال الدین عطاری اور انتظامیہ کو مبارکباد پیش کی۔

پشاور انڈر 21- گیمز کے لئے آرچری ٹیم کے چناؤ کے سلسلہ میں دوروزہ اوپن ٹرائلز 12 اکتوبر سے پشاور میں شروع ہونگے

اسلام آباد (این این آئی) پشاور انڈر 21- گیمز کے لئے آرچری ٹیم کے چناؤ کے سلسلہ میں دو روزہ اوپن ٹرائلز 12 اکتوبر سے پشاور سپورٹس کمپلیکس پشاور میں ہونگے۔ خیبر پختونخوا آرچری ایسوسی ایشن کی جنرل سیکرٹری سارہ خان نے بتایا کہ ٹرائلز کی تیاریاں زور وشور سے جاری ہیں اور 12 اکتوبر کو مردوں کے جبکہ 13 اکتوبر کو خواتین کے ٹرائلز منعقد ہونگے۔ ٹرائلز روزانہ دن 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک جاری رہیں گے۔

عامر سہیل کا نیشنل کرکٹ اکیڈمی کا دورہ، محسن نقوی کے اقدامات کی تعریف

عامر سہیل نے قومی کرکٹ اور کھلاڑیوں کی ترقی کے لیے جاری اقدامات اور جدید سہولتوں کا جائزہ لیا

کھلاڑیوں کی تربیت کے لیے افراد کا اپنے اپنے شعبوں میں ماہر ہونا بھی انتہائی ضروری ہے، سابق کپتان کی گفتگو

لاہور (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان عامر سہیل نے پاکستان کرکٹ بورڈ کی دعوت پر نیشنل کرکٹ اکیڈمی لاہور کا دورہ کیا۔ عامر سہیل نے قومی کرکٹ اور کھلاڑیوں کی ترقی کے لیے جاری اقدامات اور جدید سہولتوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کی جانب سے پاکستان کرکٹ کی بہتری اور کھلاڑیوں کی ترقی کے لیے وسائل فراہم کرنے کے عزم کو سراہا۔ سابق کپتان نے نیشنل کرکٹ اکیڈمی میں جاری ترقیاتی کاموں اور ہائی پرفارمنس پروگرامز کا بھی معائنہ کیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس عاقب جاوید نے انہیں انڈر 15، انڈر 17 اور انڈر 19 پروگرامز سمیت نوجوان کھلاڑیوں کی تربیت اور ترقی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ عامر سہیل نے اکیڈمی میں دستیاب جدید سہولتوں کا جائزہ لینے کے ساتھ زیر تعمیر بائیو مکینکس لیب بھی دیکھی۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل کرکٹ اکیڈمی میں کھلاڑیوں کی بہتر تربیت کے لیے اب مکمل سہولتیں دستیاب ہیں، پی سی بی کی جانب سے کھلاڑیوں کی ڈیولپمنٹ اور جدید سہولتوں کی فراہمی کے لیے سرمایہ کاری خوش آئند ہے۔ سابق کپتان نے کہا کہ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کی جانب سے کرکٹ کی بہتری کے لیے وسائل فراہم کرنا قابلِ تحسین اقدام ہے، انفراسٹرکچر پر ہونے والی سرمایہ کاری کے مثبت نتائج کھلاڑیوں کی کارکردگی میں بھی نمایاں ہونے چاہئیں۔ عامر سہیل نے کہا کہ کھلاڑیوں کی تربیت کے لیے افراد کا اپنے اپنے شعبوں میں ماہر ہونا بھی انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے بائیو مکینکس لیب کو کھلاڑیوں کی تکنیکی خامیوں کی نشاندہی اور انہیں دور کرنے کے حوالے سے اہم قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ سہولت کھلاڑیوں کی کارکردگی بہتر بنانے میں معاون ثابت ہوگی۔ عامر سہیل نے نوجوان کھلاڑیوں کی ترقی کے لیے ترتیب دیئے گئے انڈر 15، انڈر 17 اور انڈر 19 پروگرامز کو بھی حوصلہ افزا قرار دیا اور کہا کہ پاکستان کرکٹ کی مضبوط بنیاد رکھنے کے لیے کلب اور اسکول کرکٹ پر مسلسل توجہ دینا ضروری ہے۔

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ''رائز بلوچستان'' کی تقریب میں صوبائی مشیر کھیل وامور نوجوانان مینا مجید بلوچ کو شیلڈ دے رہے ہیں

پاکستان سپر لیگ کے 12 ویں ایڈیشن کی تاریخوں کا اعلان

پی ایس ایل کا 12 واں ایڈیشن 18 مارچ سے 2 مئی 2027 تک کھیلا جائیگا، مسلسل دوسری مرتبہ 8 ٹیمیں شرکت کریں گی

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے پاکستان سپر لیگ کے 12 ویں ایڈیشن کی تاریخوں کا اعلان کردیا۔ پی سی بی کے مطابق ایچ بی ایل پی ایس ایل کا 12 واں ایڈیشن 18 مارچ سے 2 مئی 2027 تک کھیلا جائیگا، ایونٹ میں مسلسل دوسری مرتبہ 8 ٹیمیں شرکت کریں گی۔ پی ایس ایل کی ونڈو کو گورننگ کونسل اور فرنچائزز کے ساتھ مشاورت کے بعد حتمی شکل دی گئی ہے، پی ایس ایل گورننگ کونسل کا اجلاس کیم ستمبر کو لندن میں ہوا تھا جس میں تمام 8 فرنچائزز کے مالکان اور نمائندوں نے شرکت کی۔ پی ایس ایل 11 میں پہلی مرتبہ پلیئر ڈرافٹ کی جگہ پلیئر آکشن متعارف کرایا گیا تھا، ایونٹ کے فائنل میں قذافی اسٹیڈیم میں 32 ہزار 461 تماشائیوں نے شرکت کی جو ریکارڈ حاضری تھی۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے کہا کہ پی ایس ایل 11 نے دنیا کو لیگ کی صلاحیت دکھائی اور اس دوران سنسنی خیز لمحات، ریکارڈ کراؤڈ اور براڈ کاسٹ کے نئے ریکارڈ دیکھنے کو ملے، انہوں نے ایک اور شاندار پی ایس ایل سیزن کے انعقاد کے عزم کا اظہار کیا۔ پی ایس ایل کے چیف ایگزیکٹو افسر سلمان نصیر کے مطابق 2027ء میں شائقین کی توقعات پر پورا اترنے کا عزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ایس ایل 12 کی ونڈو کا اعلان صرف پہلا قدم ہے، آٹھوں ٹیمیں ٹائٹل کے لیے پہلے سے زیادہ پُرعزم ہوں گی، پاکستان سمیت دنیا بھر کے لاکھوں شائقین پی ایس ایل 12 کے منتظر ہیں۔ یاد رہے کہ پشاور زلمی نے پی ایس ایل 11 کا ٹائٹل اپنے نام کیا تھا، زلمی نے فائنل میں حیدرآباد کنگز مین کو 5 وکٹوں سے شکست دے کر 9 سال بعد پی ایس ایل ٹرافی جیتی تھی۔ پی سی بی کے مطابق پی ایس ایل 12 کی ڈائریکٹ سائننگز، پلیئر آکشن، شیڈول، وینیوز اور ٹکٹنگ سے متعلق تفصیلات بعد میں جاری کی جائیں گی۔

بی بی ایل، ایڈیلیڈ اسٹرائیکرز نے پاکستان کے حارث رف پر نظریں جمالیں

لندن (این این آئی) بگ بیش لیگ کی فرنچائز ایڈیلیڈ اسٹرائیکرز نے پاکستان کے حارث رف پر نظریں جمالیں۔ آسٹریلوی میڈیا کے مطابق حارث رف بی بی ایل میں ایڈیلیڈ اسٹرائیکرز کی نمائندگی کر سکتے ہیں، حارث رف نے 5 سیزن تک میلبرن اسٹارز کی نمائندگی کی ہے۔ آسٹریلوی میڈیا نے کہا کہ ایڈیلیڈ اسٹرائیکرز کو تجربہ کار کھلاڑیوں کی تلاش ہے۔ واضح رہے کہ بی بی ایل کا آغاز 12 دسمبر سے ہوگا، لیگ کا پہلا میچ بھارتی شہر چنئی میں کھیلا جائے گا۔

انٹرنیشنل ہاکی کھلاڑی یامین بھٹی کی اولمپئن خواجہ ذکاالدین کی وفات پر اظہارِ تعزیت

فیصل آباد (این این آئی) ہاکی کے سابق انٹرنیشنل کھلاڑی یامین بھٹی نے اولمپئن خواجہ ذکاالدین کی وفات پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

پاکستان کی فیفا رینکنگ میں ایک درجہ ترقی ہوگئی

عالمی رینکنگ میں پاکستان 196 ویں نمبر پر آ گیا، اسپین پہلی پوزیشن پر برقرار

اسلام آباد (این این آئی) فیفا نے مینز فٹبال کی نئی عالمی رینکنگ جاری کردی، جس میں پاکستان نے ایک درجہ ترقی کرتے ہوئے 197 ویں پوزیشن حاصل کرلی۔ ورلڈ چیمپئن اسپین کی پہلی پوزیشن برقرار ہے۔ فیفا کی نئی رینکنگ کے مطابق ارجنٹائن دوسرے، فرانس تیسرے اور انگلینڈ چوتھے نمبر پر موجود ہیں۔ پرتگال نے دو درجے ترقی کے ساتھ پانچویں پوزیشن حاصل کرلی، جبکہ برازیل ایک درجے تنزلی کے بعد چھٹے اور مراکش ساتویں نمبر پر آ گیا۔ سوئٹزرلینڈ دو درجے ترقی کرکے 12 ویں نمبر پر پہنچ گیا، جبکہ جرمنی 13 ویں اور کروشیا [illegible]

گیری کرسٹن کھلاڑیوں کی مینجمنٹ بخوبی جانتے ہیں، سری لنکن کپتان

پاکستان کیخلاف جیت کیلئے پرامید ہیں، کوشال مینڈس کی میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) سری لنکن ٹی ٹوئنٹی ٹیم کے کپتان کوشال مینڈس نے کہا ہے کہ ان کی ٹیم پاکستان کو شکست دینے کیلئے پُرامید ہے، اسکواڈ نوجوان کھلاڑیوں پر مشتمل ہے، بولنگ کا شعبہ مضبوط اور تجربہ کار ہے۔ پاکستان کے خلاف ٹی ٹوئنٹی سیریز سے قبل پریس کانفرنس کرتے ہوئے کوشال مینڈس نے کہا کہ انہیں بطور کپتان اپنے کھلاڑیوں پر مکمل اعتماد ہے اور ٹیم سیریز میں اچھی کارکردگی دکھانے کیلئے پُرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ گیری کرسٹن ایک مختلف انداز کے کوچ ہیں اور وہ کھلاڑیوں کی مینجمنٹ کرنا بخوبی جانتے ہیں، گیری کرسٹن ٹیم کو ورلڈ کپ اور ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کی تیاری بھی کروا رہے ہیں جس سے کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتیں بہتر بنانے کا موقع ملے گا۔ بابر اعظم کے حوالے سے سری لنکن کپتان نے کہا کہ وہ بہترین کھلاڑی ہیں اور وہ ان کے ساتھ پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) میں بھی کھیل چکے ہیں، بابر اعظم ہر فارمیٹ کے بہترین کھلاڑیوں میں شامل ہیں، پاکستان ٹیم میں انکی عدم شمولیت پر حیرانگی ہوئی ہے۔

CORRIGENDUM

With reference to the **Notice Inviting Tender (NIT)** published in daily Newspaper on dated 01-10-2026 on **DAB/AB No. 382/30-09-2026** by the District Council Killa Saifullah for the following works, the bidders are hereby informed that the **Eligibility Criteria and Evaluation Criteria have been amended/revised** in the bidding documents:

S. No. TSE No.
1 **TSE-2627081177813**
2 **TSE-2627081176663**
3 **TSE-2627091200393**

The **Eligibility Criteria and Evaluation Criteria** contained in the original Bidding Documents for the above-mentioned TSEs have been **amended/revised**. All bidders are required to download and carefully examine the **Amended Bidding Documents** available on the **BPPRA/EPPS system** and submit their bids accordingly. Bidders who have already downloaded the Bidding Documents are required to **download the Amended Bidding Documents** before submission of their bids. The last date for submission of electronic bids for all the above-mentioned tenders is hereby **extended up to 22nd October, 2026 at 12:00 PM** through the EPPS/Supplier Dashboard.

All tenders shall be opened electronically on **22nd October, 2026 at 01:00 PM** through the EPPS system. And other Terms and Condition are remained same

AB No.411/09-10-2026

CHIEF OFFICER DISTRICT COUNCIL KILLA SAIFULLAH

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

The Notice Inviting Tender for "**Construction Of DC Circuit House (Sui Master Plan)**" was called by this office vide **NIT No.PD/MPS/316-21** dated **29.09.2026** and uploaded on BPPRA Web site vide **TSE-2627091200543** which was published in daily news paper "**Jang Quetta**" vide **PRQ No.DAB/AB/377/29-09-2026**, the procurement authority need to change in Case Schedule and Eligibility which may be read as under:-

CHANGED AREA.

Step No.	STEP NAME.	REMARKS.
1.	Case ScheduleBy	Default
2.	Eligibility Criteria	Correction needed
3.	Bill Of Quantities	Correction needed

Note: For Remaining Terms & Conditions refer to bidding documents.

AB No.405/08-10-2026

Project Director Master Plan Sui Town.

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ 1

[illegible]

بقیہ 2

[illegible]

بقیہ 3

[illegible]

بقیہ 4

[illegible]

بقیہ 5

[illegible]

بقیہ 6

[illegible]

بقیہ 7

[illegible]

بقیہ 8

[illegible]

بقیہ 9

[illegible]

بقیہ 10

[illegible]

بقیہ 11

[illegible]

بقیہ 12

[illegible]

بقیہ 13

[illegible]

بقیہ 14

[illegible]

بقیہ 15

[illegible]

بقیہ 16

[illegible]

بقیہ 17

[illegible]

بقیہ 18

[illegible]

بقیہ 19

[illegible]

بقیہ 20

[illegible]

بقیہ 21

[illegible]

بقیہ 22

[illegible]

بقیہ 23

[illegible]

بقیہ 24

[illegible]

بقیہ 25

[illegible]

بقیہ 26

اورنفاذ قانون (Enforcement) پر مشتمل سہ جہتی حکمت عملی، شکایت کی تصدیق سے لے کر ریفرنس دائر ہونے تک کے مراحل، اور NAO میں حالیہ قانون سازی سے متعلق پیش رفت پر روشنی ڈالی گئی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر جناب شوکت سر پارا کی سربراہی میں ایک وفد نے آگاہی سیشن میں شرکت کی۔

بقیہ 27

ضیائی آمریت کا سیاہ دور تھا، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے محبوب چیئرمین محترم محمود خان اچکزئی کی زیرصدارت ضیائی مارشل لاء کے خلاف ایک عظیم الشان جلوس نکالا گیا۔ پرامن جمہوری جلوس پر مارشل لائی حکومت نے سیدھی فائرنگ کی، جس کے نتیجے میں پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے سائنس کالج کے فعال ممبر اسلم اولسیار، کاکا محمود، رمضان اور داؤد نے سینے پر گولیاں کھا کر جام شہادت نوش کیا۔ آج ان عظیم شہداء کی 44ویں برسی ہے۔ ان کی قربانی جمہوریت کی بحالی کی تاریخ میں سنہری حروف سے لکھی جائے گی۔ جبکہ 11 اکتوبر 1991 کو پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ پر بزدلانہ حملہ کیا گیا، جس میں پارٹی کے مرکزی اطلاعات سیکرٹری شہید عبدالرحیم کلیوال، شہید باز محمد باز، شہید صابر شاہ، شہید صاحب خان اور شہید حبیب الرحمان نے شہادت پائی۔ آج ان شہداء کی 36ویں برسی ہے۔ پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن اس عزم کا اعادہ کرتی ہے کہ شہداء کے خون سے جو چراغ جلے ہیں انہیں کبھی بجھنے نہیں دیا جائے گا۔ شہداء کا مشن، جمہوریت، آئین کی بالادستی، پشتونخوا وطن کے قومی حقوق اور پرامن سیاسی جدوجہد کو ہر حال میں جاری رکھا جائے گا۔ ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ 7 اکتوبر کے شہداء کی قربانیوں کو نصاب کا حصہ بنایا جائے اور جمہوریت کے لیے ان کی خدمات کو تاریخ کا حصہ بنایا جائے۔

بقیہ 28

جاری ہیں۔ واقعے کی مزید تحقیقات بھی جاری ہیں۔

بقیہ 29

محمد ایوب بھٹو کی نگرانی میں پی ایچ ای کے عملے نے پھی پلیمن واٹر سپلائی اسکیم ڈیرہ مراد جمالی میں لگے درجنوں غیر قانونی واٹر کنکشن کاٹ کر سیل کر دیے گئے اور پائپ ضبط کر لیے گئے غیر قانونی واٹر کنکشن جو کہ تین انچ ڈایہ دو انچ ڈایہ ڈیڑھ انچ ڈایہ اور ایک انچ ڈایہ ربی صدر پولیس تھانے کی حدود عزیز اباد عرفان کوٹ بلال کالونی پرکالی اباد و حیدراباد مینگل و دیگر علاقوں میں لگائے گئے تھے

بقیہ 30

تدریسی سرگرمیوں کی بندش نے طلبہ کے مستقبل کو شدید خطرات سے دوچار کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں کا بنیادی مقصد نوجوان نسل کو معیاری تعلیم کی فراہمی اور ان کے مستقبل کو روشن بنانا ہے۔ مگر مستونگ سب کیمپس میں تدریسی سرگرمیوں کا تعطل طلبہ وطالبات کے قیمتی وقت کے ضیاع اور ان کے تعلیمی نقصان کا سبب بن رہا ہے۔ یہ صورتحال نہ صرف طلبہ بلکہ ان کے والدین کے لیے بھی شدید تشویش کا باعث ہے۔ ڈپٹی کمشنر مستونگ کی جانب سے متعلقہ حکام کو خط لکھے جانے کے باوجود تدریسی سرگرمیوں کی بحالی عمل میں نہ آنا متعلقہ ذمہ داران کی کارکردگی اور سنجیدگی پر سوالیہ نشان ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ اس سنگین مسئلے کو مزید تاخیر کا شکار بنانے کے بجائے فوری اور موثر اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے متعلقہ حکام سے پرزور مطالبہ کیا کہ ایک ہفتے کے اندر سب کیمپس کے تمام شعبہ جات میں باقاعدہ کلاسز، لیکچرز لیبارٹریوں اور عملی تدریسی سرگرمیوں کا آغاز یقینی بنایا جائے تاکہ طلبہ وطالبات کا تعلیمی حرج روکا جا سکے اور انہیں اپنی تعلیم جاری رکھنے کے لیے سازگار ماحول فراہم کیا جائے۔ اگر مقررہ مدت کے اندر تدریسی سرگرمیاں بحال نہ کی گئیں تو جماعت اسلامی مستونگ طلبہ وطالبات کے ہمراہ یونیورسٹی سب کیمپس کے سامنے بھرپور احتجاج کرے گی۔ انہوں نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ طلبہ کے تعلیمی حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور اس اہم تعلیمی ادارے کو زوال سے بچانے، تعلیمی نظام کی بحالی اور نوجوانوں کے مستقبل کے تحفظ کے لیے ہر آئینی اور پرامن جدوجہد میں طلبہ کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے۔

بقیہ 31

واجب الادا پروفیشنل ٹیکس کی ادائیگی کے حوالے سے آگاہی اور انفورسمنٹ کا عمل جاری ہے، تاکہ قابل ٹیکس سرگرمیوں کو موثر انداز میں دستاویزی شکل دی جا سکے۔ اس سلسلے میں کاروباری افراد اور متعلقہ پیشہ ور افراد پر زور دیا جا رہا ہے کہ وہ قابل اطلاق قوانین کے تحت بروقت رجسٹریشن، درست معلومات کی فراہمی اور واجب الادا ٹیکس کی ادائیگی یقینی بنائیں۔ BRA حکام کے مطابق ٹیکس بیس میں توسیع، شفاف ٹیکس نظام اور موثر ٹیکس وصولی کے ذریعے صوبائی محصولات میں اضافہ اور عوامی خدمات وترقیاتی سرگرمیوں کے لیے وسائل میں بہتری لانے میں مدد ملے گی۔

بقیہ 32

محمد امیر حمزہ نے فوڈ اتھارٹی کے ہمراہ شہر کے مختلف علاقوں اور تجارتی مراکز میں غیر معیاری گندم کے آٹے کی فروخت کے خلاف کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران میزان چوک، قندھاری بازار، کواری روڈ، ایم ڈی ایس ڈیپارٹمنٹل اسٹور اور قدوسی ڈیپارٹمنٹل اسٹور سمیت مختلف مقامات پر آٹے کے معیار کا معائنہ کیا گیا۔ آپریشن کے دوران مقررہ معیار کی خلاف ورزی پر 10 افراد کو گرفتار جبکہ 15 دکانداروں کو وارننگ جاری کی گئی۔ ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی جانب سے عوام کو معیاری اشیائے ضروریہ کی فراہمی اور شہریوں کی صحت کے تحفظ کے لیے کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 33

میں حق وصداقت کا علم بلند رکھا اور ملک وقوم کے مفاد کو ذاتی مفادات پر ترجیح دی۔ انہوں نے کہا کہ شہید اسلام مولانا محمد حنیف غریبوں، مزدوروں، تاجروں اور عام شہریوں کے غم خوار تھے۔ وہ علاقے میں امن، بھائی چارے، باہمی احترام اور عوامی خوش حالی کے لیے جدوجہد کر رہے تھے۔ ان کی زندگی عوامی خدمت، دینی رہنمائی اور مظلوموں کی آواز بلند کرنے سے عبارت تھی۔ انہیں امن کا علم بلند کرنے اور عوام کے حقوق کے لیے آواز اٹھانے کی سزا دی گئی، لیکن ان کی شہادت سے جو مشن وابستہ ہے، وہ آج بھی زندہ ہے اور جمعیت علماء اسلام کے کارکن ان کے نقش قدم پر چلتے ہوئے اپنی جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں۔

بقیہ 34

گل چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کے سینئر نائب صدر مرزا خان خلجی، نائب صدر جنگیان دشتی اور دیگر عہدیداران نے مہمانوں کا خیرمقدم کیا اور انہیں بلوچستان کی کاروباری برادری کو درپیش مشکلات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں کاروبار، بالخصوص درآمدات و برآمدات، مشکل صورت حال سے دوچار ہیں۔

بقیہ 35

موجودگی میں صارفین کی شکایات کے ازالے کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ لہٰذا کوئٹہ شہر کے تمام سب ڈویژنز کے صارفین جن میں لیاقت بازار، مری آباد، کینٹ، کچہری، عالم خان، بروری، کرانی، سریاب، شیخ ماندہ، سپیزنڈ، سٹلائٹ ٹاؤن، مہردر، گوالمنڈی، پشتون آباد اور کچلاک شامل ہیں انکے صارفین بجلی سے متعلق مسائل کے حل کیلئے اسی کچہری میں شرکت کریں نیز تمام صارفین اپنے بجلی بل کا حوالہ نمبر بھی بطور ریفرنس نوٹ کروالیں تاکہ ان کی شکایات کا فوری ازالہ یقینی بنایا جاسکے۔

بقیہ 36

عملدرآمد یقینی بنایا جائے سبی میں نئے جاری کردہ لوڈ شیڈنگ شیڈول میں دو گھنٹے والی پالیسی عوام الناس کے ساتھ کھلی زیادتی کے مترادف ہے شدید گرمی اور حبس میں اعلانیہ اور غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کو ختم کرنے کی بجائے لوڈ شیڈنگ کے دورانیہ میں اضافہ کرنا عوام کو مزید اذیت میں مبتلا کرنا انہوں نے کہا کہ شہری پہلے ہی گرمی کی شدید لہر، اعلانیہ اور غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ، بار بار ٹرپنگ، کم زیادہ وولٹیج اور اسکے سبب جلنے والی قیمتی اشیاء سے پہلے ہی سخت پریشان تھے اب رہی سہی کسر نے جاری کردہ شیڈول نے پوری کردی ہے جو ظلم کی انتہا ہے انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان کی صوبائی اسمبلی سے سبی شہر کو بجلی کی لوڈ شیڈنگ سے مستثنٰی قرار دینے سے متعلق منظور کی گئی قرارداد پر مکمل عمل درآمد یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے ارباب اقتدار اور متعلقہ حکام سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ سبی میں بجلی کی لوڈ شیڈنگ کا نیا شیڈول فوری طور پر منسوخ کیا جائے، صوبائی اسمبلی بلوچستان کی منظور شدہ قرارداد پر مکمل عمل درآمد کرایا جائے اور اعلانیہ وغیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کا خاتمہ یقینی بنایا جائے اسمبلی کی قرارداد کو عملی جامہ پہناتے ہوئے سبی شہر کو لوڈ شیڈنگ سے مستثنٰی قرار دیا جائے اور عوام کو شدید گرمی کے دوران بجلی کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جائے۔

بقیہ 37

ہے واقعے میں کسی جانی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔

بقیہ 38

سواروں نے فائرنگ کر کے ایک شخص احمد جان کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی۔ جس کو ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دیا گیا مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 39

بعض عناصر ملک کو ترقی یافتہ ہوتا نہیں دیکھنا چاہتے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں چوہدری نعیم کریم نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی وفاقی حکومت وزیراعظم پاکستان کی قیادت میں ملک کی ترقی و خوشحالی کیلئے تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں کو ساتھ لیکر چلنے پر یقین رکھتی ہے اور مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے متعدد بار تمام سیاسی جماعتوں کو مل بیٹھ کر مسائل کا حل نکالنے کی دعوت دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اسوقت کسی بھی سیاسی محاذ آرائی کا متحمل نہیں ہوسکتا لیکن کچھ سیاسی جماعتیں ملک اور جمہوریت کو نقصان پہنچانے کے درپے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام اب سیاسی جماعتوں سے اپنے مسائل کے حل، روزگار کے مواقع، بہتر سہولیات اور ملکی ترقی کے لیے عملی اقدامات کی توقع رکھتے ہیں۔ سیاست میں کامیابی کا معیار جلسوں، دھرنوں اور بلند و بانگ نعروں کے بجائے عوام کی خدمت اور عملی کارکردگی کو ہونا چاہیے سیاسی جماعتوں کو ایک دوسرے پر الزام تراشی کے بجائے اپنی کارکردگی عوام کے سامنے پیش کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو انتشار اور محاذ آرائی کے بجائے سیاسی استحکام اور معاشی ترقی کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی اور دیگر اپوزیشن جماعتوں کو چاہیے کہ وہ فوری طور پر اپنے دھرنے اور لانگ مارچ ختم کر کے مل بیٹھ کر ملک کو مسائل کی دلدل سے نکالنے کیلئے حکومت کا ساتھ دے۔ انہوں نے کہا کہ اسوقت خیبرپختونخوا اور بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال خراب ہے اور آئے روز سیکورٹی فورسز اور عوام دہشت گردی کا نشانہ بن رہے ہیں ہمیں ملکر ملک سے دہشت گردی کے خاتمے کو یقینی بنانا ہوگا۔

بقیہ 40

نے چند ماہ قبل بی ٹیوٹا کے ذریعے بلوچستان کے پڑھے لکھے نوجوانوں کو روزگار کیلئے بھیجنے کا وعدہ کیا تھا اور صوبائی حکومت ان کے اخراجات کا 50 فیصد ادا کرنے کا کہا تھا اور یقین دہانی کرانے پر ہم نے اپنی رجسٹریشن کروائی، بینک اکاؤنٹس کھلوائے اور تمام پرسنل معلومات بی ٹیوٹا کے حوالے کیں کہ ہمیں جلد ہی وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے بینک یا چیک کے ذریعے امداد دی جائے گی لیکن کچھ نہیں ہوا 8 ماہ سے تاریخ پر تاریخ دی جارہی ہے کوئی حتمی تاریخ نہیں بتائی جارہی اور بی ٹیوٹا حکام رجسٹرڈ امیدواروں کی کال کا جواب بھی نہیں دے رہے جبکہ من پسند افراد کو چیک دیئے گئے ہیں باقی سینکڑوں رجسٹرڈ امیدوار آج بھی چیک کے منتظر ہے ہماری وزیراعلیٰ بلوچستان سے اپیل ہے کہ ہمیں فوری طور پر چیک تقسیم کرنے کی حتمی کنفرم تاریخ دیکر رجسٹرڈ امیدواروں کو صاف اور شفاف طریقے سے چیک دیئے جائیں بصورت دیگر ہم احتجاج کرنے پر مجبور ہوں جس سے حالات کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔

بقیہ 41

معاہدے کا نفاذ اور اس کے نتیجے میں سامنے آنے والے تمام اثرات خالصتاً دفاعی نوعیت کے ہوں گے، جبکہ سعودی عرب کا دفاع اس معاہدے کے بنیادی مقاصد میں شامل ہے۔ امریکی نشریاتی ادارے سی این این کو انٹرویو دیتے ہوئے ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج مختلف صلاحیتوں اور شعبوں میں کئی دہائیوں سے سعودی عرب میں موجود ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ معاہدے کے تحت عملی اقدامات، تعینات کیے جانے والے دستوں اور ان کے استعمال سے متعلق فیصلے آپریشنل کمانڈرز کریں گے۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق خطے میں حالیہ برسوں کے دوران نئے سیکیورٹی چیلنجز سامنے آئے ہیں، جن کے تناظر میں مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ ممکنہ خطرات کا مقابلہ کرنے کے لیے مشترکہ دفاعی قوت کا کردار ادا کرے گا۔ معاہدے کے تحت کسی ایک ملک پر حملے کو تمام متعلقہ فریقوں پر حملہ تصور کیا جائے گا، جس سے کسی بھی ممکنہ جارحیت کے نتائج پر مخالف عناصر کو سنجیدگی سے غور کرنا پڑے گا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ معاہدے کا مقصد کسی کو دشمن یا دوست قرار دینا نہیں، بلکہ دفاعی تعاون کے ذریعے سلامتی اور استحکام کو مضبوط بنانا ہے۔ انہوں نے دوٹوک انداز میں کہا کہ سعودی عرب کا دفاع کیا جائے گا۔ امریکا اور ایران کے درمیان جنگ بندی اور تنازع کے خاتمے کے لیے معاہدے کی کوششوں پر بات کرتے ہوئے ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ پاکستان پہلے بھی اختلافات کم کرنے اور مذاکرات کے ذریعے پرامن حل تلاش کرنے کے لیے کردار ادا کرتا رہا ہے، اب بھی کوششیں جاری ہیں اور مستقبل میں بھی یہ سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے امریکا ایران جنگ بندی کے لیے غیر جانب دار ثالث کے طور پر اہم کردار ادا کیا ہے۔ پاکستان کا بنیادی مفاد علاقائی امن اور استحکام میں ہے، اور تمام شراکت داروں اور دوست ممالک کو یہ پیغام دیا گیا ہے کہ جنگ کو مزید پھیلانے سے کسی کو فائدہ نہیں ہوگا۔ پاکستان چاہتا ہے کہ امریکا ایران تنازع مزید نہ پھیلے اور اختلافات کا حل مذاکرات اور سفارت کاری کے ذریعے نکالا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ خطے میں پائیدار امن کے لیے کشیدگی میں کمی اور بات چیت کا راستہ اختیار کرنا ضروری ہے

بقیہ 42

لہڑی کے جسد خاکی کو کالعدم تنظیم کے جھنڈے میں لپیٹنے پر مذمت کا اظہار، جمعہ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے رکن صوبائی اسمبلی سردار عبدالرحمان کھیتران نے کہا کہ ڈاکٹر حکیم لہڑی ایک دانشور اور ادارے کی حیثیت رکھتے تھے، تاہم ان کی وفات کے بعد ان کی میت کو دہشت گرد تنظیم کے پرچم میں لپیٹا گیا، جس پر انہیں حیرت ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد بلوچ عوام کے بھی دشمن ہیں اور پلوں کو دھماکوں سے اڑانے کا نقصان صوبے کے عوام کو ہوتا ہے۔

بقیہ 43

ہلاک کر دیے گئے، جبکہ کارروائی کے دوران بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ یہ کارروائیاں عزم استحکام وژن کے تحت جاری انسداد دہشت گردی کی کوششوں کا حصہ ہیں۔ آپریشن کے دوران دہشت گردوں کے متعدد ٹھکانوں کو بھی تباہ کر دیا گیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق دہشت گردی کے نیٹ ورکس کے خلاف کارروائیوں کا مقصد علاقے میں امن واستحکام کو یقینی بنانا اور دہشت گرد عناصر کی سرگرمیوں کا خاتمہ کرنا ہے۔

بقیہ 44

ذرائع کے مطابق وزیراعظم کی زیرصدارت اجلاس کے بعد رات گئے مولانا فضل الرحمان سے رابطہ کیا گیا، خیبرپختونخوا کی صورتحال خصوصا پی ٹی آئی لانگ مارچ بارے گفتگو ہوئی۔ مولانا نے ایک بار پھر موقف دہرایا کہ معاملات کو افہام وتفہیم سے حل کیا جائے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان کی سیاسی خدمات اور مفاہمانہ انداز ہمیشہ قابل ستائش رہا، وفاقی حکومت نے ہر ممکن کوشش کی ہے کہ معاملات سیاسی انداز میں حل ہوں۔ پی ٹی آئی کے لانگ مارچ کی ضد اور دہشت گردی کے خلاف اقدامات سے دوری سے مسائل پیدا ہوئے، اب بھی وقت ہے کہ معاملات کے سلجھاؤ کیلئے کے پی حکومت اور اپوزیشن معاملے کو سنجیدہ لے۔ ذرائع کے مطابق کہا گیا کہ حکومت اب بھی مذاکرات، سیاسی حل کیلئے تیار ہے مگر اپوزیشن کو وفاق پر چڑھائی سے گریز کرنا ہوگا، وفاق پر دھاوا بولنے سے مسائل حل نہیں بلکہ مزید مسائل پیدا ہوں گے۔ وزیراعظم کی جانب سے کہا گیا کہ ملکی معیشت کیلئے وفاقی حکومت نے سرتوڑ محنت کی، سیاسی استحکام چاہتے ہیں۔

بقیہ 45

کیلئے متروکہ وقف املاک بورڈ کی تشکیل نو کی منظوری دے دی۔ وزارت مذہبی امور کے جوائنٹ سیکریٹری اور وزارت انسانی حقوق کے سیکریٹری بھی بورڈ میں شامل ہوں گے جبکہ چاروں صوبوں کی مذہبی امور کی وزارتوں کے سیکریٹری بھی بورڈ کا حصہ ہوں گے۔ متروکہ وقف املاک بورڈ میں 15 غیر سرکاری اراکین کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ مسلم لیگ ن کے رہنما اختیار ولی خان بھی متروکہ وقف املاک بورڈ کے رکن مقرر کیے گئے ہیں۔

بقیہ 46

نے سعودی عرب پر حوثیوں کے حملوں کی مذمت کی ہے، جبکہ پاکستان سعودی عرب اور اس کے عوام کے دفاع کے حق کی حمایت کرتا ہے۔ دوسری جانب افغانستان سے دہشت گردی کے معاملے پر پاکستان نے ماسکو فارمیٹ اجلاس میں اپنا موقف واضح طور پر پیش کیا اور کہا کہ مشترکہ اعلامیہ جاری نہ ہونے سے خطے کے حقائق تبدیل نہیں کیے جا سکتے۔ ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے ہفتہ وار پریس بریفنگ کے دوران کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے سعودی عرب پر حوثیوں کے حملوں کی مذمت کی ہے۔ پاکستان اس سے قبل 2 ستمبر کو مدینہ منورہ پر ہونے والے حملوں کی بھی مذمت کر چکا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ پاکستان مکہ دفاعی معاہدے کے تحت سعودی عرب کے ساتھ کھڑا ہے اور سعودی عرب اور اس کے عوام کے دفاع کے حق سے متعلق اپنے عزم کا اعادہ کرتا ہے۔

بقیہ 47

کے درمیان روابط اور دستیاب وسائل کے موثر استعمال کو یقینی بنایا جائے۔ اجلاس میں تمام صوبائی حکومتوں، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کی حکومتوں کی تجاویز اور تعاون کو سراہا گیا۔ اجلاس میں وزیر آئی ٹی، وزیر ماحولیاتی تبدیلی اور وزیر پٹرولیم نے شرکت کی، جبکہ وزیر مملکت برائے خزانہ، وزیراعظم کے معاون خصوصی اور متعلقہ وزارتوں کے اعلی حکام بھی شریک ہوئے۔

بقیہ 48

مالی فوائد کو محض آمدن تک محدود رکھنے کے بجائے صوبے کی ترقی اور عوامی فلاح کے لیے موثر انداز میں بروئے کار لانا ضروری ہے۔ اس پالیسی کا مقصد معدنی وسائل سے حاصل ہونے والے فنڈز کے استعمال کے لیے واضح سمت اور موثر طریق کار وضع کرنا ہے تاکہ ان وسائل کے ثمرات صوبے کے عوام تک پہنچ سکیں۔ کابینہ نے بلوچستان سیاحتی پالیسی اور بلوچستان ثقافتی پالیسی کے مسودوں کی بھی منظوری دی۔ بلوچستان قدرتی حسن، تاریخی مقامات، قدیم تہذیب، روایتی ثقافت اور منفرد جغرافیائی خصوصیات کا حامل صوبہ ہے۔ ان پالیسیوں کے ذریعے سیاحتی مقامات کی ترقی، سیاحت سے وابستہ معاشی سرگرمیوں کے فروغ، مقامی آبادی کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور تاریخی وثقافتی ورثے کے تحفظ پر توجہ دی جائے گی۔ تعلیم کے شعبے میں کابینہ نے بلوچستان غیر رسمی تعلیم ایکٹ 2025 کی منظوری دی۔ حکومت بلوچستان رواں سال شرح خواندگی میں اضافے کے لیے ایک نیا پروگرام شروع کر رہی ہے، جس کے تحت 10 سے 16 سال کی عمر کے تقریباً 16 لاکھ بچوں کو تعلیمی دھارے میں لانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ شاہد رند نے کہا کہ مختلف وجوہات کی بنا پر رسمی اسکولوں میں داخل نہ ہونے والے بچوں کو غیر رسمی تعلیم کے ذریعے تعلیمی مواقع فراہم کیے جائیں گے تاکہ انہیں دوبارہ تعلیم کے دھارے میں شامل کیا جا سکے اور کوئی بچہ تعلیم کے حق سے محروم نہ رہے۔ اسی سلسلے میں صوبائی کابینہ نے سرکاری اسکولوں میں دوہری تدریسی شفٹ شروع کرنے کی پالیسی کی بھی منظوری دی۔ اس اقدام کے تحت موجودہ تعلیمی عمارتوں اور بنیادی ڈھانچے کو بہتر انداز میں استعمال کرتے ہوئے شام کے اوقات میں تدریسی سرگرمیاں شروع کی جائیں گی۔ اس پالیسی کا مقصد موجودہ اسکولوں میں اضافی طلبہ کے لیے گنجائش پیدا کرنا اور جہاں ممکن ہو، نئے اسکولوں کی فوری تعمیر کے بجائے موجودہ وسائل کو زیادہ موثر انداز میں استعمال کرنا ہے۔ کابینہ نے بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے انتظامی بورڈ کی تشکیل کی بھی منظوری دی تاکہ فاؤنڈیشن کے انتظامی اور تعلیمی امور کو مزید موثر بنایا جا سکے۔ صنعتی شعبے میں کابینہ نے بلوچستان میں غیر فعال اور بند صنعتی یونٹس کو دوبارہ فعال بنانے کی پالیسی منظور کی۔ اس پالیسی کے تحت ایسے صنعتی یونٹس کی بحالی کے لیے مالی معاونت اور رعایتیں فراہم کی جائیں گی۔ حکومت کا مقصد پہلے سے قائم مگر مختلف وجوہات کی بنا پر بند صنعتوں کو دوبارہ چلانا ہے تاکہ موجودہ صنعتی ڈھانچے سے فائدہ اٹھاتے ہوئے سرمایہ کاری اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کیے جا سکیں۔ کابینہ نے سابق ضلع کوئٹہ کی ریونیو حدود میں ضروری ردوبدل اور شمالی کوئٹہ اور جنوبی کوئٹہ کی حدود کے ازسرنو تعین کی منظوری بھی دی۔ آبادی میں اضافے اور شہری پھیلاؤ کے پیش نظر اس اقدام کا مقصد انتظامی امور کو بہتر بنانا اور شہریوں کو ان کی ضروریات کے مطابق سرکاری سہولیات کی فراہمی آسان بنانا ہے۔ صحت کے شعبے میں کابینہ نے بلوچستان ادارہ برائے امراض گردہ کوئٹہ کے چیف ایگزیکٹو افسر کے طور پر پروفیسر عبدالرازق کی عبوری تعیناتی کی منظوری دی۔ یہ مستقل تعیناتی نہیں ہوگی بلکہ اس آسامی کو باقاعدہ مشتہر کر کے نجی شعبے سے ایک ماہر پیشہ ور کی خدمات حاصل کی جائیں گی۔ اس فیصلے کا مقصد ادارے کو جدید طبی اور انتظامی مہارت رکھنے والے ماہر کی سربراہی میں موثر طور پر فعال بنانا اور مریضوں کو بہتر طبی سہولیات فراہم کرنا ہے۔ کابینہ نے بلوچستان ٹیلی میڈیسن اور دور دراز طبی خدمات ایکٹ 2026 کی منظوری بھی دی۔ بلوچستان کے وسیع رقبے اور دور دراز علاقوں میں آباد آبادی کو ماہر ڈاکٹروں تک بروقت رسائی میں مشکلات کا سامنا رہتا ہے۔ اس قانون سازی کا مقصد جدید مواصلاتی ٹیکنالوجی کے ذریعے طبی ماہرین کی خدمات دور دراز علاقوں تک پہنچانے کے لیے قانونی بنیاد فراہم کرنا ہے۔ اسی طرح بلوچستان صحت عامہ ایکٹ 2026 کی منظوری بھی دی گئی تاکہ صوبے میں صحت عامہ کے نظام کو واضح قانونی اور انتظامی بنیاد فراہم کی جا سکے۔ کابینہ کے فیصلوں میں امراض قلب کے ادارے میں ہاسٹل کی تعمیر کا معاملہ بھی شامل تھا۔ صوبائی کابینہ نے وفاقی منصوبے لوالانگ ڈیم کو صوبائی ٹیکسوں سے مستثنیٰ قرار دینے کی منظوری دی۔ اس فیصلے کا مقصد بڑے ترقیاتی منصوبے پر مالی بوجھ کم کرنا اور اس کی تکمیل میں سہولت پیدا کرنا ہے تاکہ منصوبے کی رفتار اور معاشی افادیت بہتر بنانے میں مدد مل سکے۔ کابینہ نے بلوچستان میں نئے اعلان شدہ تمام اضلاع میں نئی ضلع کونسلوں کے قیام کی منظوری بھی دی۔ نئے اضلاع کے قیام کے بعد مقامی سطح پر انتظامی اور ترقیاتی ضروریات میں اضافے کے پیش نظر اس فیصلے سے مقامی ترقیاتی منصوبہ بندی اور عوامی نمائندگی کے نظام کو منظم کرنے میں مدد ملے گی۔ خواتین کے حقوق اور تحفظ کے حوالے سے کابینہ نے بلوچستان کمیشن آن اسٹیٹس آف ویمن ترمیمی ایکٹ 2026 اور بلوچستان پناہ گاہوں اور دارالامان انتظامی کنٹرول ایکٹ 2026 کی منظوری دی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے تمام ڈویژنل ہیڈکوارٹرز میں خواتین کے لیے محفوظ دارالامان تعمیر کرنے سے متعلق جامع منصوبہ پیش کرنے کی ہدایت بھی کی۔ اس اقدام کا مقصد مشکل حالات سے دوچار خواتین کو محفوظ ماحول، قانونی معاونت اور بنیادی سہولیات فراہم کرنے کے نظام کو مزید موثر بنانا ہے۔ شہری ماحول کی بہتری کے لیے کابینہ نے ریڈیو پاکستان سریاب روڈ کی اراضی پر عوامی پارک اور شہری جنگلات قائم کرنے کا فیصلہ کیا، جس پر سرکاری و نجی شراکت داری کے تحت کام کیا جائے گا۔ کوئٹہ میں آبادی اور تعمیرات میں اضافے کے باعث کھلی جگہوں، سبز مقامات اور تفریحی سہولیات کی ضرورت بڑھ رہی ہے۔ شہری جنگلات اور عوامی پارک کے قیام سے ماحولیاتی آلودگی میں کمی، ماحول کی بہتری اور شہر کی خوبصورتی میں اضافے میں مدد ملے گی۔ کابینہ نے ڈیری فارمز کو کوئٹہ شہر سے باہر اغبرگ، ہجدی روڈ منتقل کرنے کی تجویز سے بھی اتفاق کیا۔ شہر کے اندر ڈیری فارمز کی موجودگی سے صفائی، ٹریفک، ماحول اور شہری صحت سے متعلق مسائل پیدا ہوتے ہیں۔ مجوزہ منتقلی سے شہری ماحول بہتر بنانے اور ڈیری کے شعبے کو منظم کرنے میں مدد ملے گی۔ صوبائی کابینہ نے آسان کاروبار ایکٹ 2026 کی منظوری بھی دی۔ اس قانون سازی کا مقصد صوبے میں کاروبار شروع کرنے اور چلانے کے عمل کو آسان بنانا، غیر ضروری انتظامی پیچیدگیوں میں کمی لانا اور سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنا ہے۔ کاروباری سرگرمیوں میں آسانی سے روزگار اور معاشی سرگرمیوں کو فروغ دینے میں مدد ملے گی۔ کابینہ نے موٹر وہیکل آرڈیننس 1965 کے شیڈول سولہ میں ترمیم کی منظوری دی، جس میں تیسرے فریق کے بیمے سے متعلق ضروری تبدیلی شامل ہے۔ اس کا مقصد موٹر گاڑیوں کے استعمال سے متعلق قانونی اور مالی ذمہ داریوں کو واضح کرنا اور متاثرہ افراد کے حقوق کے تحفظ کے نظام کو مزید موثر بنانا ہے۔ زرعی شعبے میں کابینہ نے کپاس کی مشینی کاشت کے پروگرام کے اہم منصوبے کی تخمینہ لاگت میں ضروری اضافے کی منظوری دی۔ اس اقدام کا مقصد جدید زرعی مشینری کے استعمال کو فروغ دینا، پیداوار میں اضافے کے امکانات پیدا کرنا، کاشتکاروں کی مشکلات کم کرنا اور زرعی معیشت کو مضبوط بنانا ہے۔ سرکاری خریداری کے نظام میں اصلاحات کے حوالے سے صوبائی کابینہ نے بلوچستان سرکاری خریداری قواعد 2014 میں مجوزہ ترامیم کی منظوری دی۔ مینجنگ ڈائریکٹر بلوچستان پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی (بی پی پی آر اے) حبیب الرحمن جاموٹ نے کابینہ کو قواعد میں مجوزہ ترامیم، الیکٹرانک خریداری کے فروغ اور سرکاری خریداری کے عمل کو مزید شفاف، موثر اور مسابقتی بنانے کے اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ کابینہ کو بتایا گیا کہ صوبے میں سرکاری خریداری کے عمل کو مزید شفاف بنانے کے لیے الیکٹرانک بڈنگ کا دائرہ وسیع کرنے کی تجویز پیش کی گئی ہے۔ اس کے تحت ورکس، اشیاء، خدمات اور کنسلٹنسی کے پانچ لاکھ روپے سے زائد مالیت کے تمام ٹینڈرز میں بولیاں الیکٹرانک طریقے سے وصول کرنا لازمی ہوگا۔ موجودہ نظام میں مختلف شعبوں کے لیے الیکٹرانک بڈنگ کی مالی حدود الگ الگ ہیں، جنہیں ختم کر کے تمام شعبوں کے لیے یکساں پانچ لاکھ روپے کی حد مقرر کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ اس اقدام سے الیکٹرانک خریداری کا دائرہ وسیع ہونے کے ساتھ شفافیت، مسابقت اور موثریت میں اضافہ ہوگا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ موجودہ معاشی حالات، افراط زر اور قیمتوں میں اضافے کو مدنظر رکھتے ہوئے متبادل خریداری کے طریقوں، بشمول کوٹیشن اور چھوٹی نوعیت کی خریداری، کی مالی حدود پر نظرثانی کی تجویز پیش کی گئی ہے تاکہ غیر ضروری انتظامی مراحل اور بوجھ کم کیا جا سکے۔ چھوٹی نوعیت کی خریداری، جسے پیٹی پرچیز کہا جاتا ہے، کی حد ایک لاکھ روپے سے بڑھا کر دو لاکھ روپے جبکہ کوٹیشن کے ذریعے خریداری کی حد دو لاکھ روپے سے بڑھا کر پانچ لاکھ روپے کرنے کی تجویز دی گئی الیکٹرانک خریداری کے فروغ اور بولی کے دستاویزات کی طباعت کی ضرورت کم ہونے کے پیش نظر بولی کے دستاویزات کی فیس ختم کرنے کی تجویز بھی پیش کی گئی تاکہ بولی دہندگان پر غیر ضروری مالی بوجھ کم کیا جا سکے۔ بولیوں کی توثیقی مدت سے متعلق مجوزہ ترامیم کے تحت یہ مدت مالی تجاویز کھولنے کے بجائے تکنیکی تجاویز کھولنے کی تاریخ سے شمار ہوگی۔ ورکس، کنسلٹنسی اور خدمات کے لیے قومی مسابقتی بولی میں توثیقی مدت 90 دن جبکہ بین الاقوامی مسابقتی بولی میں 120 دن مقرر کرنے کی تجویز ہے۔ اسی طرح اشیاء کی قومی خریداری کے لیے 45 دن اور بین الاقوامی خریداری کے لیے 60 دن کی مدت تجویز کی گئی ہے۔ اس تبدیلی کا مقصد تکنیکی جائزے میں تاخیر کی صورت میں بولی کی توثیقی مدت غیر ضروری طور پر طویل ہونے سے بچانا ہے۔ کابینہ کو خریداری کا عمل منسوخ کرنے کے لیے واضح شرائط سے بھی آگاہ کیا گیا۔

بقیہ 49

اور کم آمدنی والے صارفین تک محدود کرنے کا فیصلہ کیا گیا، ذرائع نے کہا کہ پاور ڈویژن نے عالمی بینک کے تعاون سے مستحق صارفین کی سماجی و اقتصادی رجسٹری پر کام شروع کردیا۔ ذرائع کے مطابق مستحق صارفین کی رجسٹریشن نومبر تک مکمل کرنے کا ہدف مقرر ہے، صارفین کا ڈیٹا تصدیق کے بعد بےنظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ریکارڈ سے منسلک کیا جائے گا، نئی رجسٹری کے ذریعے بجلی اور گیس سبسڈی کے مستحق صارفین کی نشاندہی کی جائے گی۔ جنوری 2027 تک بجلی میں ٹیرف ڈیفرینشل سبسڈی اور کراس سبسڈی کا نظام ختم کرنے کی تیاری ہے، گیس صارفین کو یکم جولائی 2027 سے سماجی واقتصادی رجسٹری سے منسلک کیا جائے گا۔ ذرائع نے کہا کہ ڈسکوز نے بنیادی ٹیرف ایڈجسٹمنٹ کے لیے درخواستیں دائر کردیں، توانائی شعبے میں گردشی قرض کا دباؤ کم کرنے کے لیے سبسڈی نظام میں تبدیلی کا منصوبہ بنایا گیا ہے۔ بجلی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری اور اصلاحات سے متعلق تیاریوں سے آئی ایم ایف کو آگاہ کر دیا گیا۔

بقیہ 50

کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق آرچ بشپ پال رچرڈ گالاگر پاکستان اور ہولی سی کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 75ویں سالگرہ کے سلسلے میں پاکستان کے دورے پر ہیں۔ ملاقات کے دوران نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے آرچ بشپ کا خیرمقدم کرتے ہوئے امن، بین المذاہب ہم آہنگی اور مکالمے کے فروغ میں ہولی سی کے کردار کو سراہا، انہوں نے پاکستان کی کیتھولک برادری کی بالخصوص تعلیم اور صحت کے شعبوں میں قابل قدر خدمات کو بھی خراج تحسین پیش کیا۔ آرچ بشپ پال رچرڈ گالاگر نے علاقائی امن واستحکام کے فروغ کیلئے پاکستان کے تعمیری کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان ثالثی، مکالمے اور سفارت کاری کے ذریعے خطے میں امن کے قیام کیلئے اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ اس موقع پر اسحاق ڈار نے پوپ لیو چہاردہم کی جانب سے امن اور مسئلہ فلسطین کے منصفانہ حل کیلئے کیے جانے والے اصولی مطالبات کو سراہا۔ انہوں نے فلسطینی عوام کے ساتھ پاکستان کی غیر متزلزل یکجہتی کا اعادہ کرتے ہوئے جاری انسانی بحران پر گہری تشویش کا اظہار کیا اور خطے میں امن کے قیام کیلئے عالمی برادری کی مسلسل کوششوں کی اہمیت پر زور دیا۔ ملاقات میں دونوں جانب سے پاکستان اور ہولی سی کے تعلقات کو مزید مستحکم بنانے اور مختلف مذاہب کے درمیان باہمی احترام، افہام وتفہیم اور پرامن بقائے باہمی کو فروغ دینے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔

بقیہ 51

کی فضول باتیں مت کیا کرو، بکواس بند کرو، ورنہ بے نقاب کردوں گا کہ تم کیسے آئے، کس شرط پر آئے اور تمہیں کون لایا ہے؟ علی امین گنڈاپور نے الزام لگایا کہ سہیل آفریدی نے 26 نومبر 2025 کو دھاوا بولنا تھا لیکن ایسا نہیں کیا کیونکہ وہ وہاں معاملات طے کر کے انتظامی طور پر قابو میں آ گئے تھے، سہیل آفریدی نے معاملات طے کر کے ڈیل کی تھی۔ سابق وزیراعلیٰ نے الزام عائد کیا ہے کہ بانی تحریک انصاف کی ملاقاتیں سہیل آفریدی نے بند کروائیں۔ انہوں نے بشریٰ بی بی کے پیغامات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ سہیل آفریدی کو لانے والے شخص کو بھی پیغامات بھیجے گئے ہیں اور اس شخص نے سہیل آفریدی کو ان کے طرز عمل سے متعلق پیغامات کہے ہیں۔ علی امین گنڈاپور نے یہ الزام بھی لگایا ہے کہ بشریٰ بی بی سے ان کی بیٹی کی ملاقاتیں بھی سہیل آفریدی نے بند کروائیں۔ علی امین گنڈاپور کا آڈیو پیغام میں کہنا ہے کہ سہیل آفریدی نے معاملات پہلے سے طے کیے ہوئے تھے، اگر میں نے ریکارڈ نکال کر بات کی تو سہیل آفریدی منہ دکھانے کے قابل نہیں رہیں گے۔ سابق وزیراعلیٰ نے کہا کہ سہیل آفریدی اپنی حدود میں رہیں اور اپنی اوقات سے باہر نہ نکلیں۔ علی امین گنڈاپور نے آڈیو پیغام میں سہیل آفریدی کو فکس میچ کے بچے کہتے ہوئے الزام لگایا کہ وہ بشریٰ بی بی کو چھوڑ کر وہاں سے بھاگ گئے تھے۔ انہوں نے سہیل آفریدی کو مخاطب ہوکر آخر میں کہا کہ فضول باتوں سے گریز کرو، شرم بھی نہیں آتی، میں تمہیں تنبیہ کر رہا ہوں۔

بقیہ 52

پی ٹی آئی رہنماؤں سے رابطے ہیں جبکہ گوہر خان، عامر ڈوگر اور اسد قیصر سے بھی فون پر بات چیت ہوتی رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کا اپنا سیاسی موقف ہے اور حکومت کا اپنا موقف، تاہم کسی سمجھوتے یا مفاہمت کے بغیر مذاکرات دوبارہ شروع کرنا زیادہ مفید نہیں ہوگا، اگر کسی معاملے پر مفاہمت بن جائے تو مذاکرات دوبارہ شروع ہوسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ایک طرف مذاکرات کے امکانات کا جائزہ لے رہی ہے تو دوسری جانب پی ٹی آئی کے لانگ مارچ کی صورتحال بھی دیکھ رہی ہے۔ رانا ثنااللہ نے خیبرپختونخوا حکومت کو دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنا کردار ادا کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اس جنگ کی کامیابی کیلئے صوبائی حکومت کا کردار انتہائی اہم ہے، اگر صوبائی حکومت دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنا کردار ادا کرے تو بہت سے مسائل حل ہوسکتے ہیں، آپریشن کی کامیابی کیلئے صوبائی حکومت کا تعاون ضروری ہے، کیونکہ پولیس، سی ٹی ڈی اور دیگر سول انتظامات صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہیں۔ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات اور ان کے علاج کے معاملات پر مشیر وزیراعظم نے کہا کہ یہ امور قانون اور جیل مینوئل کے مطابق طے ہونے چاہئیں، بانی پی ٹی آئی سے ملاقاتیں شروع کرنے کیلئے منگل کا وقت دیا گیا تھا، تاہم ملاقاتوں کو سیاسی طور پر استعمال نہ کرنے کی ہدایت کی گئی تھی۔

بقیہ 53

اس حوالے سے ایران کی ہر ممکن مدد کریں گے۔ روسی صدر نے کہا کہ روس جانتا ہے کہ یہ تنازع ایران کی کسی غلطی کے بغیر شروع ہوا اور ایران تنازع ختم کرنے کے لیے سنجیدہ کوششیں کر رہا ہے۔ صدر مسعود پزشکیان نے کہا کہ جنگ کے باوجود ایران امریکا کے ساتھ مذاکرات سے دستبردار نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہم مذاکرات کر رہے ہیں، لیکن جب بھی ہم امریکا کے ساتھ بات چیت کرتے ہیں، وہ دوبارہ حملہ کر دیتا ہے، اس کے باوجود ہم مذاکرات سے پیچھے نہیں ہٹیں گے۔

بقیہ 54

میر یونس عزیز زہری کا وقفہ سوالات میں وزراء کی عدم موجودگی پر احتجاج، جمعہ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی نے کہا ہے کہ محکمہ جنگلات میں آسامیوں پر بھرتیوں کے دوران مبینہ بے ضابطگیوں کے معاملے میں ملوث ملازمین کے خلاف کارروائی کی جاچکی ہے

بقیہ 55

خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ اور ابہا انٹرنیشنل ایئرپورٹ کو نشانہ بنانا بھی شامل ہے، ان حملوں کے نتیجے میں جانی نقصان کے ساتھ ساتھ متعدد افراد زخمی ہوئے۔ وزیراعظم نے سعودی مسلح افواج اور اتحادی افواج کی مستعدی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ انہوں نے متعدد بیلسٹک میزائلوں کو راستے میں ہی تباہ کیا۔ انہوں نے معصوم جانوں کے تحفظ اور مملکت کی سلامتی کو یقینی بنانے کیلئے ان کی مسلسل کوششوں کو بھی خراج تحسین پیش کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان، مملکت سعودی عرب کی قیادت اور عوام کے ساتھ غیر متزلزل یکجہتی کے ساتھ کھڑا ہے، مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے اور اس کے سٹریٹجک سیاسی ودفاعی کمیٹی کے حالیہ فیصلوں کے مطابق سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور سلامتی کیلئے پاکستان کا عزم غیر متزلزل ہے، ہم سعودی عرب کے اپنے عوام کے دفاع اور اپنے شہروں اور اہم تنصیبات کے تحفظ کے جائز حق کی بھی مکمل حمایت کرتے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ حوثی ملیشیا کو یہ حملے فوری طور پر بند کرنے چاہئیں، ہم ان خطرات کے مقابلے میں سعودی عرب کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے۔

بقیہ 56

بندوق تھمائی گئی، تاہم صوبائی حکومت نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں، روزگار اور ترقی کے مواقع فراہم کر کے انہیں قومی دھارے میں شامل کرنے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ بلوچستان کے تمام اضلاع میں کھیلوں کے میدان آباد رکھے جائیں گے اور نوجوانوں کے لیے تسلسل کے ساتھ بڑے کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو ایوب اسٹیڈیم کوئٹہ میں آل پاکستان وزیر اعلیٰ بلوچستان گولڈ کپ فٹبال ٹورنامنٹ کے فائنل کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وزیراعلیٰ نے فائنل کے کامیاب انعقاد پر محکمہ کھیل، صوبائی وزیر کھیل، سیکرٹری کھیل، ٹورنامنٹ کے منتظمین اور مقابلہ دیکھنے کے لیے آنے والے شائقین کو مبارکباد دی اور چیمپئن شپ جیتنے والے افغان کلب سمیت فاتح اور رنراپ ٹیموں کو ٹرافیاں بھی دیں۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ آج بلوچستان کے لیے انتہائی خوشی کا دن ہے۔ کھیلوں کے میدان آباد کرنا اور نوجوانوں کو صحت مند سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنا صوبائی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 57

کہا کہ نے کہا ہے کہ ایران کسی صورت یورینیم افزودہ کرنے کا عمل ترک نہیں کرے گا۔ محمد اسلامی نے کہا کہ یورینیم کی افزودگی جوہری عمل کا ایک لازمی اور ناقابل علیحدگی حصہ ہے۔ ان سے پوچھا گیا کہ کیا تہران یورینیم افزودہ کرنے کا عمل ترک کرسکتا ہے تو انہوں نے جواب دیا کہ کسی بھی صورت میں نہیں۔ محمد اسلامی نے سوال اٹھایا کہ اگر عمل کے ابتدائی مرحلے ہی کو موجود نہ رہنے دیا جائے تو جوہری صنعت قائم رکھنے کا دعوی کیسے کیا جاسکتا ہے؟ انہوں نے کہا کہ جوہری صنعت سائنسی اور تکنیکی ترقی کو آگے بڑھانے میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے، ایران تکنیکی ترقی کے اپنے حق سے پیچھے نہیں ہٹے گا۔ سربراہ ایرانی جوہری ادارے نے ایران کے افزودہ یورینیم کے ذخائر کسی دوسرے ملک کے حوالے کرنے کے امکان کو بھی مسترد کرتے ہوئے کہا کہ نہیں، ایسی کوئی بات نہیں ہے۔

بقیہ 58

مطابق پاک فوج کے ہاتھوں ہلاک خارجی افغان دہشت گرد صفت اللہ کی افغانستان میں تعزیتی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ پاکستان میں دہشتگردی کیمکروہ عمل میں ملوث خارجی دہشتگرد کو افغانستان میں ہیرو و کمانڈر کا لقب بھی دیا گیا۔ پاکستانیخیبر افغان میڈیا کے مطابق ہلاک خارجی افغان دہشتگرد کی تعزیتی تقریب میں فتنہ الخوارج کے جھنڈے والے پوسٹرز آویزاں کیے گئے ہیں۔ افغانستان میں ان دہشتگردوں کی تعزیتی تقریبات اور فتنہ الخوارج کے جھنڈوں کی نمائش افغان طالبان اور فتنہ الخوارج کے گٹھ جوڑ کا واضح ثبوت ہے۔

بقیہ 59

بھاری ٹیکسز وصول کرنے کے باوجود عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرنے میں ناکام دکھائی دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پٹرول لیوی کے خلاف تحریک شروع کرنے کے بعد اب تعلیم کے حق کے لیے بھی تحریک شروع کی جائے گی۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ غزہ میں 89 ہزار سے زائد افراد شہید ہوچکے ہیں اور غزہ کے لیے 10 ارب روپے سے زائد کے فنڈز پہنچائے جاچکے ہیں۔ جماعت اسلامی غزہ کے طلبہ کو میڈیکل سمیت دیگر شعبوں میں تعلیم فراہم کرنے کے لیے بھی کام کر رہی ہے۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ بنوقابل پروگرام وقت کی ضرورت کے مطابق شروع کیا گیا ہے، جس کا مقصد نوجوانوں کو جدید تقاضوں کے مطابق تعلیم اور تربیت فراہم کرنا ہے۔ ملک بھر بالخصوص خیبرپختونخوا میں نوجوانوں کی تربیت کے لیے مختلف پروگرام شروع کیے گئے ہیں، جبکہ 17 لاکھ سے زائد بچے 100 فیصد اسکالرشپ پر تربیت حاصل کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر جماعت اسلامی اتنے بڑے پیمانے پر تعلیمی وتربیتی پروگرام چلاسکتی ہے تو حکومت ایسا کیوں نہیں کرسکتی؟ ملک میں بھاری ٹیکسز وصول کیے جا رہے ہیں، اس کے باوجود پاکستانی بچوں کو مفت تعلیم کی سہولت میسر نہیں، پاکستان میں تعلیم کے شعبے کے ساتھ مذاق کیا جا رہا ہے، حالانکہ معیاری اور مفت تعلیم ہر پاکستانی کا بنیادی حق ہے۔ امیر جماعت اسلامی نے تعلیمی صورت حال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ خیبرپختونخوا میں 50 لاکھ بچے اسکولوں سے باہر ہیں، پنجاب میں یہ تعداد ایک کروڑ 18 لاکھ سے تجاوز کرچکی ہے، جبکہ سندھ میں 70 لاکھ سے زائد بچے سکول نہیں جا رہے۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ انہوں نے وزیراعلیٰ پنجاب کے بیانات پر تنقید کرتے ہوئے کہنا تھا کہ ان کی باتیں سن کر ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے پورا پاکستان فتح کرلیا گیا ہو حالانکہ تعلیم سمیت بنیادی مسائل اب بھی موجود ہیں۔ پٹرولیم مصنوعات اور بجلی کی قیمتوں پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عوام بجلی کے بلوں اور پٹرول کی قیمتوں سے پریشان ہیں۔ ان کے مطابق پٹرول کے ہر لیٹر پر 135 روپے ٹیکس وصول کیا جا رہا ہے، حکومت کی پٹرول لیوی پالیسی کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے اسے پٹرول بھتہ قرار دیا۔ حافظ نعیم الرحمان نے واضح کیا کہ جماعت اسلامی نے پٹرول لیوی کے خلاف تحریک شروع کر رکھی ہے اور اب عوام کے لیے معیاری اور مفت تعلیم کے حصول کی خاطر بھی تحریک شروع کی جائے گی، تاکہ ملک کے بچوں کو تعلیم کے یکساں مواقع فراہم کیے جاسکیں۔

بقیہ 60

سی پیک منصوبوں کی تفصیلات، ضلع واشک میں محکمہ ایکسائز ینڈ ٹیکسیشن کا دفتر قائم کرنے سے متعلق الگ الگ توجہ دلاؤ نوٹسز نمٹا دیئے گئے۔ جمعہ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں رکن بلوچستان اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے سی پیک کے تحت بلوچستان میں جاری اور مکمل ہونے والے منصوبوں سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس پیش کیا۔ انہوں نے استفسار کیا کہ سی پیک کے تحت بلوچستان میں مجموعی طور پر کتنے منصوبے شروع کیے گئے، ان میں سے کتنے مکمل ہوچکے ہیں اور ہر مکمل منصوبے کا شعبہ، لاگت، آغاز اور تکمیل کی تاریخ کیا ہے۔ توجہ دلاؤ نوٹس میں بلوچستان میں سی پیک کے دوسرے مرحلے (فیز ٹو) کے تحت شامل منصوبوں کی تفصیلات بھی طلب کی گئیں اور پوچھا گیا کہ یہ منصوبے کب تک مکمل ہوں گے۔

بقیہ 61

کو ہونے والے جوڈیشل کمیشن کے اجلاس میں شریک ہوں گے جس میں سندھ ہائیکورٹ کے ججز کے حوالے سے فیصلہ کیا جانا ہے۔ اسلام آباد سے 9 اکتوبر 2026 کو جاری ہونے والے نوٹیفکیشن کے مطابق، آئین پاکستان کے آرٹیکل 175A کی شق 2 کے پیراگراف 7 کے تحت، سینیٹ میں لیڈر آف دی ہاؤس اور قومی اسمبلی میں لیڈر آف دی ہاؤس کی نامزدگی پر درج ذیل اراکین کو جوڈیشل کمیشن کا رکن مقرر کیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق سینیٹر رانا ثنا اللہ خان) حکومتی جج (اور بلاول بھٹو زرداری) حکومتی جج (کو جوڈیشل کمیشن آف پاکستان کا رکن نامزد کیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن چیف جسٹس آف پاکستان / چیئرپرسن جوڈیشل کمیشن آف پاکستان کی منظوری سے جاری کیا گیا ہے۔ اس سے قبل فاروق ایچ نائیک اور آفتاب نے استعفی دیا تھا جسے منظور کرلیا گیا تھا

بقیہ 62

منصب کے ساتھ مشترکہ پریس کانفرنس میں کہا کہ سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ کے درمیان طے پانے والا مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ دفاعی نوعیت کا ہے جارحانہ کارروائیوں کے لیے نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر معاہدے میں شامل کسی ملک پر حملہ ہوتا ہے تو دیگر ممالک اس کے دفاع میں اس کا ساتھ دیں گے تاہم ترکیہ کسی دوسرے ملک کی سرزمین پر حملہ کرنے کے لیے اپنی فوج نہیں بھیجے گا۔ ترک وزیر خارجہ نے مزید کہا کہ ترکیہ اور سعودی فوجی حکام سعودی عرب کی دفاعی ضروریات کا جائزہ لے رہے ہیں اور خاص طور پر فضائی دفاع، برقی جنگی صلاحیتوں اور تکنیکی معاونت کے شعبوں میں ممکنہ تعاون پر غور کیا جا رہا ہے۔

بقیہ 63

طارق فضل چوہدری نے کہا کہ لانگ مارچ الگ اور دہشت گردی الگ ایشو ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے لانگ مارچ روکنے کے لیے تسلی بخش اقدامات کیے ہیں۔ حکومت پریشان نہیں بلکہ پوری طرح تیار ہے۔ ایمرجنسی کا لانگ مارچ سے کوئی تعلق نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کی روک تھام کے لیے ایسے اقدامات اٹھائے جائیں گے۔

بقیہ 64

جمعہ کو نو تعینات چیئرمین فیڈرل سروس ٹریبونل رانا اسداللہ خان سے ملاقات کے دوران کیا۔ وفاقی وزیر قانون نے رانا اسداللہ خان کو چیئرمین فیڈرل سروس ٹریبونل کا عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد دی اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ملاقات میں فیڈرل سروس ٹریبونل کے انتظامی ڈھانچے اور کارکردگی کو مزید بہتر بنانے، سرکاری ملازمین کے سروس معاملات اور زیر التوا اپیلوں کے جلد اور شفاف فیصلوں کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ٹریبونل کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے اور ای کورٹس نظام کا دائرہ کار بڑھانے پر بھی اتفاق کیا گیا۔

بقیہ 65

کی رپورٹ میں نام ظاہر نہ کرنے والے امریکی حکام کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے محکمہ دفاع کو یہ منصوبہ تیار کرنے کی ہدایت کی تھی۔ امریکی عہدیدار کا کہنا تھا کہ گزشتہ ہفتے کیمپ ڈیوڈ میں نائب صدر کی زیر قیادت اعلیٰ حکام نے ان منصوبوں پر غور کیا تھا۔ امریکی اخبار کا یہ بھی کہنا تھا کہ صدر ٹرمپ نے حال ہی میں سفارتی مذاکرات میں پیش رفت کا حوالہ دیا تھا اور صدر ٹرمپ چند ماہ میں ایران اور حوثیوں کے خلاف بڑے فوجی آپریشنز کی 5 تجاویز بھی مسترد کر چکے ہیں۔ واضح رہے کہ صدر ٹرمپ نے گزشتہ روز کہا تھا کہ امریکا نومبر میں ہونے والے وسط مدتی انتخابات سے پہلے ایران پر حملہ نہیں کرے گا۔ دوسری جانب امریکا نے رواں ماہ ایران کے قریب سمندری حدود میں اپنا تیسرا طیارہ بردار جنگی جہاز بھی تعینات کیا ہے۔ ادھر تہران نے بحری جہازوں کے خلاف کارروائیاں تیز کردی ہیں۔

بقیہ 66

ویب سائٹ ایکس پر شہباز شریف نے پوسٹ شیئر کرتے ہوئے پاک بھارت جنگ کے دوران امریکی صدر کی کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے لکھا کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے جنوبی ایشیا میں امن کے فروغ کے لیے تاریخی کردار ادا کیا، ان کی بروقت مداخلت نے پاکستان اور بھارت کو جنگ کے دہانے سے واپس لانے اور جنگ بندی یقینی بنانے میں مدد دی، جو آج تک برقرار ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ غیر معمولی خدمات کے اعتراف میں پاکستان نے صدر ٹرمپ کو نوبیل امن انعام کے لیے نامزد کیا تھا۔ انہوں نے لکھا کہ ہمیں پوری امید ہے کہ خطے میں امن کے فروغ اور تنازعات کی روک تھام کے لیے صدر ٹرمپ کی کوششوں کو اس بار مناسب طور پر سراہا جائے گا۔ خیال رہے کہ اس سے قبل امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک بار پھر نوبیل امن انعام جیتنے کی خواہش کا اظہار کرتے ہوئے دعوی کیا تھا کہ میں نے اقتدار سنبھالنے کے بعد 8 جنگیں ختم کروائی ہیں۔ انہوں نے کہا تھا کہ مجھے امن انعام نہ ملا تو یہ نوبیل کمیٹی کے لیے بھی باعث تنقید ہوگا۔

بقیہ 67

کانفرنس کرتے ہوئے بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا کہ سیاسی جماعتوں سے سوال ہے کہ اور کتنا انتظار کریں گی، وہاں دہشتگردی کی لہر پھیلی ہے اسکو کوئی دیکھنے کو تیار نہیں، کچھ دنوں سے خیبر پختونخوا میں طوفان بدتمیزی اور تماشا لگا ہوا ہے، وزیراعلیٰ صوبے کے گول چکر لگا رہا ہے اور کابینہ ناچنے میں مصروف ہے۔ انہوں نے کہا کہ 5 اکتوبر کو ڈی آئی خان میں کسٹم کے ملازمین مارے گئے کوئی انکے گھر نہیں گیا، انہوں نے فیصلہ کیا کہ وہ ناچ لیں۔ ایس ایچ او داوڑ اور کانسٹیبل فرہاد شہید ہوا لیکن وزیراعلیٰ کے پی کے سر پر جوں تک نہیں رینگی، شہید کے بچے سوال کر رہے ہیں کہ اسکے جنازے میں شرکت کا وزیراعلیٰ اور کابینہ کے پاس وقت نہیں تھا؟ یہ دہشتگردی میں گھرے لوگوں کو اذیت دے رہے ہیں، امن وامان کا قیام انکی ترجیح نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ کس نے انکو روکا تھا کہ 15 سال میں یہ دہشت گردی کے حوالے سے پالیسی بناتے، انکے لوگ اپنی پالیسی کے لئے افغانستان کو دیکھتے ہیں، کیا جوانوں اور شہدا کے جنازے پڑھنے کے لئے پالیسی چاہیے؟ آپ لانگ مارچ میں مصروف اور صوبہ آگ کی لپیٹ میں ہے۔ دانیال چوہدری نے کہا کہ وزیراعلیٰ نے 200 ارب پشاور میں خوبصورتی کے لئے دیئے تاہم پہلی ڈیفنس لائن پولیس کو 44 ارب روپے نہیں دیے، صرف 1 ارب 20 کروڑ دیئے، 6 ہزار سے زائد لوگ اس سال شہید ہوچکے ہیں کیا یہ ثبوت کافی نہیں کہ ہم انکو دہشتگرد کہیں جو یہ سب کر رہے ہیں۔ بیرسٹر دانیال نے کہا کہ اس چیز سے بخوبی واقف ہوں کہ یہ سسٹم مزید نہیں چل سکتا، ہم اس لائن کو ڈرا کریں گے اس پر کوئی ٹالرنس نہیں ہوگی، جو جماعت انکو دہشت گرد کہنے سے ڈرتی ہے وہ انکا حصہ ہے جو انکے ساتھ کھڑی ہوتی ہے وہ انکی بی ٹیم ہے، اس جماعت کا سیاسی مرکز نفرت اور اداروں کے خلاف آگ لگانا ہے۔

بقیہ 68

لگانا مسئلے کا حل نہیں، سہیل آفریدی نے کبھی دہشت گردوں کی حمایت میں بیان نہیں دیا۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ حکومت اور اپوزیشن کی گاڑیاں کیچڑ میں پھنسی ہیں، انا ختم کریں، بیٹھ کر مذاکرات کریں، پی ٹی آئی اب بھی بامقصد مذاکرات کے لیے تیار ہے۔

بقیہ 69

اسلام آباد آنے والی پرواز PK-754 منسوخ کر دی گئی ہیں۔ پی آئی اے کے ترجمان عبداللہ حفیظ خان نے جمعہ کو بتایا کہ مشرق وسطی میں بگڑتی ہوئی صورتحال کے پیش نظر پی آئی اے نے ریاض کے لیے اپنی پروازوں کا آپریشن عارضی طور پر معطل کر دیا ہے۔ ترجمان نے مسافروں کو ہدایت کی کہ وہ ایئرپورٹ کے لیے روانہ ہونے سے قبل پی آئی اے کے کال سینٹر 111-786-786 پر رابطہ کر کے اپنی پروازوں کی تازہ ترین صورتحال معلوم کرلیں، ایئرلائن اس صورتحال سے مسافروں کو ہونے والی زحمت پر معذرت خواہ ہیں۔ اس حوالے سے سول ایوی ایشن اتھارٹی نے ریاض کے لیے پروازیں روکے جانے کی تصدیق کی ہے اور کہا کہ سعودی عرب جانے والی پروازوں کا فلائٹ آپریشن بدستور جاری پی آئی اے نے صرف ریاض کے لیے فلائٹ آپریشن عارضی طور پر معطل کیا ہے، سوشل میڈیا پر قیاس آرائیوں میں حقیقت نہیں۔ واضح رہے کہ پی آئی اے کا یہ اعلان حوثی باغیوں کی جانب سے سعودی ہوائی اڈوں اور دیگر انفراسٹرکچر پر کیے جانے والے میزائل اور ڈرون حملوں کے سلسلہ وار واقعات کے بعد سامنے آیا ہے۔ سعودی حکام کے مطابق 6 اور 7 اکتوبر کو ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ اور ابہا انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ہونے والے حملوں میں ایک پاکستانی شہری سمیت تین افراد ہلاک اور 36 زخمی ہوئے تھے۔

بقیہ 70

بیان سے یہ اشارہ ملتا ہے کہ واشنگٹن فی الحال ایران کے خلاف براہ راست جنگ یا بڑے فوجی آپریشن سے گریز کرنا چاہتا ہے۔ وسط مدتی انتخابات امریکی صدر کے لیے سیاسی طور پر انتہائی اہم ہوتے ہیں، اس لیے ایران کے ساتھ جنگ شروع ہونے کی صورت میں اس کے سیاسی اور معاشی اثرات پڑ سکتے ہیں۔ اگر امریکا واقعی انتخابات تک حملے سے گریز کرتا ہے تو اس دوران امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات یا کشیدگی کم کرنے کی کوششوں کے لیے گنجائش پیدا ہوسکتی ہے۔

بقیہ 71

مذاکرات کا تیسرا دور ہوتا کہ سیاسی تناؤ میں کمی آسکے۔ علی محمد خان نے کہا کہ تمام سیاسی رہنماں کو اسلام آباد میں ہونا چاہیے تاکہ بات چیت کا عمل جاری رہے، ہم چاہتے ہیں کہ سیاسی تنا کا حل خون خرابے کے بغیر نکل آئے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف نے بار بار حکومت کو مذاکرات کا راستہ فراہم کیا، سردار ایاز صادق لاہور میں ہے اسلام آباد آئیں گے تو ملاقات بھی ہوگی۔

بقیہ 72

کے بعد فضائی سرگرمیاں شدید متاثر ہوئیں۔ بین الاقوامی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی 300 سے زائد پروازیں منسوخ ہوگئیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ سنگاپور ایئر لائنز نے ریاض کے لیے اپنی پروازیں 28 مارچ تک مؤخر کردیں، فلپائن ایئرلائنز نے بھی سعودی دارالحکومت کے لیے اپنی پروازیں 11 اکتوبر تک منسوخ کر دی ہیں جبکہ جرمن ایئرلائن لفتھانزا نے ریاض کے لیے اپنی پروازیں 16 اکتوبر تک معطل کرنے کا اعلان کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ایئرانڈیا، انڈیگو اور ایئرانڈیا ایکسپریس نے بھی سیکیورٹی خدشات کے باعث 10 اکتوبر تک ریاض کے لیے اپنی پروازیں منسوخ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ادھر اسلامی تعاون تنظیم نے سعودی عرب کے کنگ خالد اور ابہا ایئرپورٹس پر حوثی حملوں کی مذمت کی ہے۔ او آئی سی نے سعودی عرب کی سلامتی وخودمختاری کے تحفظ کے اقدامات کی حمایت کا بھی اعلان کیا۔ حملوں میں زخمی اور جاں بحق ہونے والے افراد کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت کیا گیا ہے۔

بقیہ 73

شور یہ مچاتے ہیں انکا اگر یہ رویہ ہوگا تو آنے والے انتخابات میں دھاندلی کیسے روکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی والے اگر انتہا پسندی کو ترک کرے گی تو ایسا ماحول بن سکتا ہے کہ وہ صوبے تمام مسائل پر وفاق سے مذاکرات کر کے نہ صرف اپنے اعتراضات دور کرا سکتی ہے بلکہ وہ سیاست میں بھی اپنی جگہ برقرار رکھ سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کے پی کے کا وزیراعلیٰ صرف منفی سیاست کیے جا رہا ہے۔ مذاکرات کی ناکامی کا بھی ذمہ دار وہی ہے۔ مذاکرات ناکام کروا کے اس نے صوبے میں گورنر راج لگوانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی، اسکی وجہ سے ایسے حالات پیدا ہوئے کہ صوبے میں ایمرجنسی لگے۔ لیکن ہمارے لئے صوبے میں گورنر راج آخری آپشن ہوگا۔

پی پی ایچ آئی بلوچستان کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر ایم پی راجا دار بچو جدید ڈیجیٹل بھرتی وجانچ کے نظام Prometric کے متعلق میڈیا کو بریفنگ دے رہے ہیں

اورناچ میں مبینہ طور پر رقم کے لین دین پر فائرنگ، 2 افراد جاں بحق، 2 زخمی

جاں بحق ہونے والوں کی شناخت خدا بخش ولد سفر خان اور اشفاق ولد خدا بخش کے ناموں سے ہوئی ہے

خضدار (این این آئی) خضدار کے علاقے اورناچ میں رقم کے لین دین کے تنازعہ پر فائرنگ کا افسوسناک واقعہ پیش آیا ہے جس کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق جبکہ 2 زخمی ہوگئے۔ جاں بحق ہونے والوں کی شناخت خدا بخش ولد سفر خان اور اشفاق ولد خدا بخش کے ناموں سے ہوئی ہے۔ جبکہ زخمیوں میں فدا حسین ولد خدا بخش اور ذریف ولد یار محمد شامل ہیں۔ ذرائع کے مطابق فریقین کے درمیان رقم کے لین دین پر تلخ کلامی ہوئی جو دیکھتے ہی دیکھتے فائرنگ میں بدل گئی۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور لاشوں و زخمیوں کو قریبی ہسپتال منتقل کیا (بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی آل پاکستان وزیراعلیٰ بلوچستان فٹبال گولڈ کپ کا فائنل میچ دیکھ رہے ہیں

جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل، تعمیراتی معیار اور مؤثر نگرانی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، بابر خان

تعمیراتی معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، فورٹیفیکیشن آف تھانہ کے 83 منصوبوں کی بروقت تکمیل یقینی بنائی جائے، سیکرٹری مواصلات و تعمیرات

مقررہ مدت تک ان منصوبوں کی تکمیل کو ہر صورت میں یقینی بنایا جائے بصورت دیگر متعلقہ حکام کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان نے کہا ہے کہ صوبے میں جاری اہم ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل، تعمیراتی معیار اور مؤثر نگرانی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا جبکہ فرائض میں غفلت اور منصوبوں پر سست روی کا مظاہرہ کرنے والے افسران کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی انہوں نے یہ ہدایات فورٹیفیکیشن آف تھانہ منصوبوں پر پیش رفت کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے جاری کیں اجلاس میں تمام چھ زونز کے چیف انجینئرز، آئی جی ڈیویلپمنٹ احمد سلطان سپرنٹنڈنگ انجینئرز اور ضلعی ایگزیکٹو انجینئرز نے بذریعہ زوم شرکت کی اجلاس کے دوران فورٹیفیکیشن آف تھانہ کے 83 منصوبوں پر مختلف اضلاع کے انجینئرز نے اپنے اپنے علاقوں میں جاری پیش رفت کے (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

سعودی عرب اور حرمین شریفین کی تحفظ کیلئے ہمہ وقت تیار ہے، مولانا محمود الحسن قاسمی

سعودی عرب پر حملہ پورے عالم اسلام اور تمام مسلمانوں کے جذبات پر حملہ ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مرکزیہ مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی صوبائی امیر خیبر پختونخوا مولانا قاضی گل الرحمن نکیال صوبائی امیر بلوچستان مولانا قاری مہراللہ صوبائی امیر مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی صوبائی امیر پنجاب مولانا ثناءاللہ فاروقی صوبائی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی نائب امیر مولانا عبدالوہاب ڈھیر مرکزی نائب امیر مولانا عبدالروف سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الھدیٰ مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

سرکاری اداروں کی کارکردگی کا معیار عوام کو درپیش مسائل کا بروقت حل ہے، گورنر بلوچستان

کسی بھی معاشرے میں انصاف کی بروقت فراہمی عوام کے اعتماد کو مضبوط بنانے اور اداروں کی ساکھ بہتر کرنے میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے

عوام کو سستا، فوری اور قابل رسائی انصاف فراہم کرنے کی خاطر صوبائی محتسب کے ادارے کو مزید فعال اور مؤثر بنانا ہوگا، جعفر خان مندوخیل

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ کسی بھی معاشرے میں انصاف کی بروقت فراہمی عوام کے اعتماد کو مضبوط بنانے اور اداروں کی ساکھ بہتر کرنے میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے۔ جب کسی مستحق سائل کو میرٹ اور انصاف کے تقاضوں کے مطابق بروقت انصاف ملتا ہے تو یہ نہ صرف اس فرد کیلئے اطمینان کا باعث بنتا ہے بلکہ ریاستی اداروں پر عوام کے اعتماد میں بھی اضافہ کرتا ہے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ عوام کو سستا، فوری اور قابل رسائی انصاف فراہم کرنے کی خاطر صوبائی محتسب کے ادارے کو مزید فعال اور مؤثر بنانا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں صوبائی محتسب کو مختلف سرکاری محکموں کے خلاف موصول ہونے والی درخواستوں اور شکایات کی ہفتہ (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

مشکل عالمی حالات میں معاشی استحکام کیلئے اصلاحات کو آگے بڑھانا قابل تحسین ہے، سینیٹر محمد عبدالقادر

آئی ایم ایف سے ایک ارب 21 کروڑ ڈالر کی فراہمی کی راہ ہموار ہونا حکومت کی معاشی کوششوں میں اہم پیش رفت ہے

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان اسٹاف سطح کے معاہدے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ تقریباً ایک ارب 21 کروڑ ڈالر کی فراہمی کی راہ ہموار ہونا حکومت اور معاشی ٹیم کی کوششوں میں ایک اہم پیش رفت ہے۔ رقم کی فراہمی آئی ایم ایف کے ایگزیکٹو بورڈ کی منظوری سے مشروط ہے۔ انہوں نے کہا کہ مشکل عالمی حالات میں معاشی استحکام کے لیے اصلاحات کو آگے بڑھانا قابل تحسین ہے، اور اس پیش رفت کو عوام کی زندگی میں بہتری لانے کی مضبوط بنیاد بنایا جانا چاہیے۔ سینیٹر محمد (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

محمد ہاشم کو بلوچستان کانسٹیبلری میں زونل کمانڈر بی سی زون فورایلیٹ کوئٹہ تعینات کر دیا گیا

کوئٹہ (خ ن) محمد ہاشم کو بلوچستان کانسٹیبلری میں زونل کمانڈر بی سی زون فورایلیٹ کوئٹہ تعینات کر دیا گیا۔ سینٹرل پولیس (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

جھل مگسی اغوا ہونے والے افراد بازیاب گھر پہنچ گئے

دکی کے علاقے سے 14 روز قبل اغواء ہونے والے 11 مزدوروں کو بازیاب کرالیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) جھل مگسی کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد 5 افراد کو گاڑی سمیت اغواء کر کے لے گئے ذرائع کے مطابق گزشتہ روز جھل مگسی کے نورانی روڈ پر بیس کیمپ کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد گاڑی میں سوار 5 افراد کو گاڑی سمیت اغواء کر کے لے گئے جو جھل مگسی سے گنداواہ جا رہے تھے اغواء ہونے والوں میں 2 افراد کا تعلق سندھ سے بتایا جاتا ہے۔ خاندانی ذرائع کے مطابق اغوا ہونے والے پانچوں افراد بازیاب ہو کر گھر پہنچ گئے۔ دکی کے علاقے سے 14 روز قبل اغواء ہونے والے 11 مزدوروں کو بازیاب کرالیا گیا۔ جبکہ 1 مزدور کی پہلے نعش برآمد (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ پولیس کی منشیات فروشوں، مفرور سمیت دیگر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی ملزمان گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس نے منشیات فروشوں، مفرور سمیت دیگر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرتے (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

عوام کے جان و مال کے تحفظ کو ممکن بنایا جا رہا ہے، ڈی آئی جی مکران

زیر تعمیر سیف سٹی پراجیکٹ اور ڈسٹرکٹ کورٹس گوادر کا دورہ، سیکیورٹی اقدامات کا جائزہ

کوئٹہ (آن لائن) ڈی آئی جی مکران رینج شاداب مسیح نے کہا ہے کہ گوادر زیر تعمیر سیف سٹی منصوبہ اور ڈسٹرکٹ کورٹس گوادر کی سیکیورٹی کو فول پروف بنانے کے لئے بڑی اہمیت کا حامل ہے اس منصوبے کے پایہ تکمیل تک پہنچنے سے گوادر شہر اور دیگر علاقوں میں امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے اور جرائم پر قابو پانے میں مدد ملے گی۔ اس لئے پولیس کی جانب سے جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ حاصل کرتے ہوئے عوام کے جان و مال کے تحفظ کو ممکن بنایا جا رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز زیر تعمیر سیف سٹی پراجیکٹ گوادر کے دورہ کے موقع پر منصوبے (بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ: ایس پی سٹی آصف غفور، ڈی ایس پی قادر قمبرانی، ایس ایچ او نعمت خلجی کھلی کچہری سے خطاب کر رہے ہیں

بدامنی، مہنگائی کیخلاف جماعت اسلامی کی بلوچستان بھر میں دستخطی مہم کا آغاز

عوام کو مسلسل محرومیوں اور دباؤ کا شکار بنا دیا گیا ہے، رہنماؤں کا خطاب

کوئٹہ (آن لائن) بدامنی، مہنگائی، بدعنوانی، بارڈرز و شاہراہوں کی بندش اور پٹرولیم مصنوعات پر بھتہ خوری کے خلاف جماعت اسلامی کی بلوچستان بھر میں دستخطی مہم کا کوئٹہ سے آغاز بلوچستان کے عوام جنازے اٹھا اٹھا کر تھک گئے، عوام کی بات کیوں نہیں سنی جا رہی؟ پہاڑوں کی طرف جانے پر مجبور کیوں کیا جا رہا ہے؟ زاہد اختر بلوچ، ڈاکٹر عطاء الرحمن، مولانا محمد عارف دمڑ اور عبدالنعیم رند کا دستخطی مہم کے افتتاح کے موقع پر خطاب۔ جماعت اسلامی نے بلوچستان بھر میں بدامنی، مہنگائی، بدعنوانی، بارڈرز، شاہراہوں کی بندش اور پٹرولیم (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ مراد جمالی، پولیس اور سیکیورٹی فورسز نے بارودی مواد کو ناکارہ بنا دیا

تمبو بابا کوٹ پولیس کی کارروائی میر نور یز خان عمرانی کے قتل میں نامزد چار ملزمان گرفتار کرلیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب پولیس اور سیکیورٹی فورسز نے بارودی مواد کو ناکارہ بنا دیا پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب گوٹھ ارسلان کے مقام پر لنک روڈ کنارے دہشت گردی کے منصوبے کے تحت زیر زمین دفن کیا گیا بھاری بارودی مواد کو پولیس اور سیکیورٹی فورسز نے ناکارہ بنا دیا جبکہ سیکیورٹی فورسز نے پورے علاقے میں سرچ اپریشن کے بعد علاقے کو کلیئر کر دیا گیا تمبو بابا کوٹ پولیس کی کارروائی میر نور یز خان عمرانی کے قتل میں نامزد چار ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا پولیس کے مطابق تمبو باباکوٹ میں (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

بچیوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی ترقی یافتہ اور خوشحال معاشرے کی تشکیل کے لیے ناگزیر ہے، کرن بلوچ

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کمیشن آن دی اسٹیٹس آف ویمن (بی سی ایس ڈبلیو) کی چیئرپرسن محترمہ کرن بلوچ نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے بچیوں کو تعلیمی مواقع فراہم کرنے کے لیے کیے جانے والے اقدامات کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ بچیوں کی تعلیم پر توجہ دینا ایک ترقی یافتہ، باشعور اور خوشحال معاشرے کی تشکیل کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم ہر بچی کا بنیادی حق ہے اور معیاری تعلیمی سہولیات تک رسائی فراہم کرکے نہ صرف ان کے روشن مستقبل کی بنیاد رکھی جا سکتی ہے بلکہ خواتین کو معاشی اور (بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

ہماری جدوجہد کسی ذاتی مفاد، منصب یا اقتدار کے لیے نہیں، عالم خان کاکڑ

ریاستی اختیار عوام کے تحفظ کے لیے ہے نہ کہ سیاسی مخالفین کو دبانے کے لیے ہوتا ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے سابق ایڈیشنل جنرل سیکرٹری عالم خان کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں امن و امان کی سنگین صورتِ حال، عوام کے عدم تحفظ اور بڑھتی ہوئی بدامنی کے باوجود سرفراز حکومت کی ترجیحات سیاسی کارکنوں کے گھروں پر چھاپے، ہراسانی، مقدمات اور گرفتاریاں بنی ہوئی ہیں تحریک انصاف کے رہنماؤں اور کارکنوں کو زیرِ عتاب رکھنا طاقت کا مظاہرہ نہیں بلکہ سیاسی خوف اور بوکھلاہٹ کی علامت ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ میرے سمیت (عالم خان کاکڑ) سینئر (بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

محکمہ خزانہ بلوچستان نے غیر کیش شدہ سرکاری چیکوں کی مدت میں 26 اکتوبر 2026 تک توسیع کر دی

کوئٹہ (خ ن) محکمہ خزانہ حکومت بلوچستان نے مالی سال کے دوران جاری کیے گئے غیر کیش شدہ سرکاری چیکوں کی مدت میں 26 اکتوبر 2026 تک توسیع کر دی ہے۔ محکمہ خزانہ بلوچستان کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق اکاؤنٹنٹ جنرل بلوچستان کے دفتر، ضلعی اکاؤنٹس دفاتر، محکمہ ہائے تعمیرات و مواصلات اور متعلقہ منصوبہ جاتی اتھارٹیز کی جانب سے جاری کیے گئے غیر کیش شدہ چیکوں کی مدت میں 7 اکتوبر سے 26 اکتوبر 2026 تک توسیع کی گئی ہے۔ محکمہ خزانہ کے اس اقدام کا مقصد مقررہ مدت کے (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

پشتونخوا وطن دہشتگردی، معاشی بحران کی لپیٹ میں ہے، خوشحال خان کاکڑ

پشتون عوام نے گزشتہ کئی دہائیوں کے دوران دہشتگردی کے خلاف بے شمار قربانیاں دی ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین اور رکن قومی اسمبلی خوشحال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ پشتونخوا وطن اس وقت بدترین دہشتگردی، بدامنی اور سیاسی و معاشی بحران کی لپیٹ میں ہے، اور موجودہ صورتحال گزشتہ پانچ دہائیوں سے حکمرانوں کی غلط خارجہ و داخلہ پالیسیوں کا نتیجہ ہے۔ ان پالیسیوں نے نہ صرف پشتونخوا وطن کے امن و استحکام کو تباہ کیا بلکہ پورے ملک کو عدم استحکام، انتہاپسندی اور دہشتگردی کے سنگین مسائل سے دوچار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشتونخوا وطن سے دہشتگردی اور بدامنی کا خاتمہ اور وطن عزیز میں پائیدار امن کا قیام (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

پارٹی تنظیم کی مضبوطی وقت کی اہم ضرورت ہے، ندیم کاکڑ

ضلعی کنونشن کے انعقاد اور بلدیاتی انتخابات کی تیاری کے حوالے سے 11 اکتوبر کو اہم اجلاس منعقد ہوگا

کوئٹہ (آن لائن) جمہوری وطن پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری ندیم کاکڑ نے کہا ہے کہ پارٹی کی تنظیم کی بحالی ضلعی سطح پر پارٹی کو فعال بنانے، ضلعی کنونشن کے انعقاد اور بلدیاتی انتخابات کی تیاری کے حوالے سے 11 اکتوبر کو اہم اجلاس منعقد ہوگا اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ پارٹی تنظیم کی مضبوطی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ضلعی سطح پر کارکنوں کو متحرک کیا جائے گا اور پارٹی کے تنظیمی ڈھانچے کو مزید فعال اور مضبوط بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی کنونشنز پارٹی کارکنوں کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کرنے اور عوامی مسائل (بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی جانب سے کوئٹہ، خضدار، حب اور دکی میں کارروائیاں

19 فوڈ یونٹس پر جرمانے عائد، ایک نان شاپ اور ایک ملک شاپ کو سیل کر دیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی جانب سے کوئٹہ، خضدار، حب اور دکی میں ناقص و مضر صحت خوراک کے خلاف کارروائیوں کے دوران 19 فوڈ یونٹس پر جرمانے عائد، ایک نان شاپ اور ایک ملک شاپ سیل جبکہ 16 مراکز کو اصلاحی نوٹسز جاری کر دیے گئے۔ ترجمان بی ایف اے کے مطابق کوئٹہ میں سوشل میڈیا پر آٹے میں کیڑے مکوڑے پائے جانے کی ویڈیو وائرل ہونے کے بعد وزیراعلیٰ بلوچستان کی فوری ہدایات پر بلوچستان فوڈ اتھارٹی اور ضلعی انتظامیہ نے مشترکہ کریک ڈاؤن کیا۔ میزان چوک، سرکلر روڈ، کواری روڈ، مسجد روڈ (بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے اقدامات اٹھا رہی ہے، اسد غفور

کوئٹہ (آن لائن) ایس پی سٹی ڈویژن اسد غفور نے کہا ہے کہ پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بناتے ہوئے پولیس اور عوام کے درمیان روابط کو مضبوط اور مؤثر بنانے کے لئے اقدامات اٹھا رہی ہے شہری پولیس کے ساتھ تعاون کریں تاکہ جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی کو ممکن بنایا جاسکے۔ یہ بات انہوں نے ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ عمران شوکت اور ایس ایس پی (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

بلوچستان ریونیو اتھارٹی کا ٹیکس بیس بڑھانے کے لیے اقدامات تیز

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے تحت بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) صوبے میں پروفیشنز، ٹریڈز، کالنگز اور ایمپلائمنٹ سے وابستہ افراد اور کاروباری اداروں کو ٹیکس نظام میں شامل کرنے اور ٹیکس بیس کو وسعت دینے کے لیے اقدامات تیز کر رہی ہے۔ بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی جانب سے متعلقہ شعبوں میں رجسٹریشن، ٹیکس تعمیل اور (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ: چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر مرزا اعزاز بیگ سے رکن صوبائی اسمبلی عبدالمجید بادینی ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ: چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر مرزا اعزاز بیگ سے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

بختیار آباد ٹریفک حادثہ ایک شخص جاں بحق ایک شدید زخمی

چھتر کوراں میں دو قبائل کے درمیان مسلح تصادم شدید فائرنگ کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) چھتر کوراں میں دو قبائل کے درمیان مسلح تصادم شدید فائرنگ کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق جبکہ کمسن بچے اور خاتون سمیت 4 افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق چھتر پولیس تھانہ فلیجی کی حدود کوراں اور طاہر کوٹ کے درمیانے علاقے میں دو قبائل کبھیری اور گولہ کے درمیان مسلح تصادم شدید فائرنگ سے دو افراد اللہ وسایا ولد نصیر احمد گولہ اور ذاکر حسین ولد دولت خان گولہ موقع پر جاں بحق جبکہ ایک کمسن بچہ ایک خاتون راہگیر سمیت چار افراد کے زخمی ہونے کی اطلاعات ہیں دونوں قبائل ایک دوسرے کے گھروں پر فائرنگ کر رہے ہیں جس سے (بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

اسسٹنٹ کمشنر گوادر خسرو دلاوری کا گورنمنٹ ڈگری کالج پسنی کا دورہ

گوادر/پسنی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر خسرو دلاوری نے گورنمنٹ ڈگری کالج پسنی کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے کالج کے مختلف شعبوں، کلاس رومز، لائبریری اور طلبہ کو فراہم کی جانے والی دیگر سہولیات و انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے تدریسی ماحول، تعلیمی سرگرمیوں اور کالج میں دستیاب (بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

ہرنائی میں پی پی ایچ آئی اور محکمہ صحت کا ماہانہ اجلاس

بنیادی مراکز صحت کی کارکردگی، ویکسینیشن اور ماں بچے کی صحت کی سہولیات کا جائزہ لیا گیا

ہرنائی (خ ن) پی پی ایچ آئی ہرنائی کے دفتر میں ماہ ستمبر 2026 کا اہم ماہانہ جائزہ اجلاس (MRM) انعقاد پذیر ہوا، جس کی مشترکہ صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (DHO) ہرنائی اور ڈسٹرکٹ مینیجر (DM) پی پی ایچ آئی نے کی۔ اجلاس میں ضلع کے اہم طبی و انتظامی حکام اور صحت کے شعبے میں کام کرنے والے شراکت دار اداروں کے نمائندوں نے بھرپور شرکت کی۔ اجلاس میں ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال ہرنائی، ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر انڈس ہسپتال اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک (IHHN)، ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر بے نظیر نشوونما پروگرام (بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ میں غیر معیاری گندم کے آٹے کے خلاف کارروائی، 10 افراد گرفتار 2 دکانیں سیل کر دیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ میں غیر معیاری گندم کے آٹے کے خلاف کارروائی، 10 افراد گرفتار 2 دکانیں سیل کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والے خبر پر نوٹس کو لیتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی نگرانی میں اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ سٹی (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

شہید اسلام مولانا محمد حنیفؒ کی قربانیاں ہماری جدوجہد کا روشن باب ہیں، مولانا عبدالواسع

جمعیت علماء اسلام کے قائدین اور کارکنوں نے سروں سے خون کے چراغ روشن کیے، محمود شاہ

چمن (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع، صوبائی سیکرٹری جنرل آغا محمود شاہ، مفتی محمد قاسم، مولانا عبد المنان، مولانا شمس اللہ، مولانا فتح محمد اور دیگر رہنماؤں نے شہید اسلام کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام کے قائدین اور کارکنوں نے سروں سے خون کے چراغ روشن کیے، لیکن کبھی بھی امن و امان کے قیام اور اصولی موقف پر سمجھوتہ نہیں کیا۔ جمعیت علماء اسلام کی تاریخ قربانیوں، جدوجہد اور استقامت سے عبارت ہے۔ ہمارے اکابرین اور کارکنوں نے ہر مشکل دور (بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، ڈاک کے عالمی دن کے موقع پر پوسٹ ماسٹر جنرل ضیاء الحق رانجھا تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

قانونی تجارت کی راہ میں کوئی رکاوٹ برداشت نہیں کی جائے گی، چیف کلکٹر کسٹمز انفورسمنٹ

کسی بھی صورت قانونی تجارت پر قدغن نہیں لگنے دی جائے گی، قانونی تجارتی سرگرمیوں سے ملک اور صوبے کو ریونیو حاصل ہوتا ہے

صوبے میں کاروبار، بالخصوص درآمدات و برآمدات، مشکل صورت حال سے دوچار ہیں، چیمبر آف کامرس

کوئٹہ (آن لائن) چیف کلکٹر کسٹمز انفورسمنٹ (اپریزمنٹ) اسلام آباد محمد جمیل ناصر خان نے کہا ہے کہ قانونی تجارت کی راہ میں کوئی رکاوٹ برداشت نہیں کی جائے گی، ضبط شدہ سامان کی نیلامی کا عمل تیز کیا جا رہا ہے جبکہ سینٹرل اسسمنٹ یونٹ میں بلوچستان کے کیسز کی جانچ پڑتال کے لیے روزانہ شام 5 بجے سے رات 11 بجے تک خصوصی وقت مختص کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ آٹھ ماہ میں کاروباری معاملات کو آٹومیٹڈ نظام پر منتقل کیا جائے گا تاکہ مال بردار گاڑیوں کی چیکنگ اور کلیئرنس کو تیز اور آسان بنایا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان کے عہدیداران اور ممبران کے ساتھ منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس سے (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

ہم نے ہمیشہ حقیقت پر مبنی سیاست کی، دعوؤں کے بجائے عملی اقدامات پر یقین رکھا، مولانا عبدالواسع

خیبر پختونخوا ہو یا بلوچستان، دہشت گردی، بدامنی اور عدم استحکام سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والی جماعت جمعیت علماء اسلام ہے

اگر آج بلوچستان میں کوئی ترقیاتی منصوبہ موجود ہے تو وہ جمعیت علماء اسلام کے محدود دور حکومت کی مرہون منت ہے، صوبائی امیر جمعیت

کوئٹہ (آن لائن) امیر جمعیت علماء اسلام بلوچستان، سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا ہو یا بلوچستان، دہشت گردی، بدامنی اور عدم استحکام سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والی جماعت جمعیت علماء اسلام ہے۔ یہ وہ جماعت جس نے ہمیشہ قربانیاں دے کر امن و استحکام کے قیام کی جدوجہد کی اور عوام کی خدمت کو اپنا مشن بنایا۔ انہوں نے کہا کہ جب بلوچستان میں حالات انتہائی مخدوش تھے، دہشت گردی عروج پر تھی، وسائل محدود اور ترقی کا کوئی تصور نہیں تھا، اس وقت جمعیت علماء اسلام ہی وہ واحد جماعت تھی جس نے کسی خوف یا دباؤ کے بغیر عوام کی رہنمائی کی، اپنے اکابرین اور کارکنان کی قربانیوں کے ذریعے امن و بھائی چارے کا پیغام دیا اور ہر مشکل گھڑی میں عوام کے درمیان (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

ماحولیاتی معائنہ کار ٹیموں کا کوئٹہ صنعتی زون میں واقع مختلف صنعتی یونٹس کا تفصیلی معائنہ

مختلف کارخانوں میں ماحولیاتی تحفظ کے انتظامات، صنعتی اخراج، فضلے کے انتظام اور ورکرز کے حفاظتی اقدامات کا جائزہ لیا

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات کی روشنی اور صوبائی وزیر علی مدد جتک کی نشاندہی پر سیکریٹری ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نور احمد پرکانی اور ڈائریکٹر جنرل ادارہ تحفظ ماحولیات بلوچستان ظہور بلوچ کی ہدایات پر ماحولیاتی معائنہ کار ٹیموں نے کوئٹہ صنعتی زون میں واقع مختلف صنعتی یونٹس کا تفصیلی معائنہ کیا ڈائریکٹر ایڈمن اینڈ فنانس محمد علی کی سربراہی میں انفورسمنٹ، لیبارٹری اور پبلک آگاہی ٹیم کے سربراہ ڈپٹی محمد علی کاکڑ، محکمے کے اسسٹنٹ ڈائریکٹرز بشیر جاوید م، محمد داؤد، نوید کاکڑ، گل حسن انسپکٹرز شوکت کاکڑ، ضغیر احمد، سمیر احمد اور دیگر سرکاری عملے (بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

کیسکو سینٹرل سرکل کے صارفین کیلئے آن لائن کچہری 12 اکتوبر کو منعقد ہوں گے

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) سینٹرل سرکل کوئٹہ کے تحت کوئٹہ شہر کے تمام صارفین کیلئے آن لائن کچہری 12 اکتوبر 2026 کو (بروز پیر) دن 11 بجے سے دوپہر ایک بجے تک منعقد ہوں گے۔ جس میں سپرنٹنڈنگ انجینئر عبدالناصر مندوخیل فون نمبر 0812441596 پر صارفین کی شکایات معلوم کریں گے۔ آن لائن کچہری میں ایگزیکٹو انجینئرز اور ریونیو آفیسرز کی (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر دھماکوں میں دو پل تباہ۔ دھماکوں کی شدت سے علاقہ لرز اٹھا

مستونگ (آن لائن) کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر دھماکوں میں دو پل تباہ۔ دھماکوں کی شدت سے علاقہ لرز اٹھا۔ مستونگ میں رات گئے ہونے والے دھماکوں کے نتیجے میں کوئٹہ کراچی شاہراہ پر مزید دو رابطہ پل تباہ ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق دھماکوں کا نشانہ بننے والا پہلا رابطہ پل بلوچستان ہوٹل ٹڑی کھڈ کوچہ کے قریب واقع ہے جبکہ دوسرا پل ٹڑی قبرستان کے نزدیک دھماکے سے تباہ کیا گیا۔ دونوں واقعات رات گئے پیش آئے تاہم دھماکوں کی نوعیت شدت اور ان کے نتیجے میں ہونے والے ممکنہ نقصانات سے متعلق تاحال مزید تفصیلات سامنے نہیں آسکیں۔ کوئٹہ کراچی شاہراہ بلوچستان میں آمدورفت اور مختلف علاقوں کے درمیان رابطے کے لیے ایک اہم گزرگاہ (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

کراچی: جامعہ گوادر کے پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سید منظور احمد پاک چین تعلقات اور عالمی طرز حکمرانی کے موضوع پر منعقدہ سیمینار میں شریک ہیں

فضل الرحمن کبدانی کا ایف سی اسکول اینڈ کالج میں زیر تعمیر جدید آئی ٹی حب کا دورہ

دکی میں BSDI پروگرام کے تحت جدید آئی ٹی حب کی بروقت تکمیل اور تعمیراتی معیار یقینی بنانے کی ہدایت

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمن کبدانی نے بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو (BSDI) پروگرام کے تحت ایف سی اسکول اینڈ کالج دکی میں زیر تعمیر جدید آئی ٹی حب کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر کمانڈر 87 ونگ کرنل شاہد بلال بھی ان کے ہمراہ تھے ڈپٹی کمشنر نے آئی ٹی حب کے مختلف حصوں کا معائنہ کیا اور جاری تعمیراتی کام کی پیش رفت، معیار اور منصوبے کی مجموعی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے تعمیراتی کام میں استعمال ہونے والے میٹریل، تعمیراتی معیار، ڈیزائن اور منظور شدہ منصوبے کے مطابق جاری سرگرمیوں (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ: جماعت اسلامی ضلع کوئٹہ کے امیر عبدالنعیم رند، مولانا عطاء الرحمن، جمیل احمد مشوانی، عارف دمڑ، راشد سوخرئی ودیگر عوامی مطالبات کے حوالے سے دستخطی مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

ملک کو سیاسی استحکام اور معاشی ترقی کی ضرورت ہے، چوہدری نعیم کریم

حکومت ملک کو ترقی و خوشحالی کی راہ پر دوبارہ گامزن کرنے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کے فوکل پرسن و پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر رہنما چوہدری نعیم کریم نے کہا ہے کہ ملک کو انتشار اور محاذ آرائی کے بجائے سیاسی استحکام اور معاشی ترقی کی ضرورت ہے احتجاج اور دھرنوں کے ذریعے معمولات زندگی متاثر کرنے کی سیاست سے عوام کے مسائل حل نہیں ہوتے بلکہ سیاسی ماحول میں مزید کشیدگی پیدا ہوتی ہے، وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف کی قیادت میں وفاقی حکومت ملک کو ترقی و خوشحالی کی راہ پر دوبارہ گامزن کرنے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے لیکن (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

بلوچستان اکیڈمی فار کالج ٹیچرز کے تربیتی وفد کا NAB کمپلیکس کوئٹہ کا مطالعاتی دورہ

شرکاء کو قومی احتساب بیورو (NAB) کے طریق کار اور امور کار کے بارے میں جامع بریفنگ دی گئی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اکیڈمی فار کالج ٹیچرز (BACT)، کوئٹہ کے تربیتی شرکاء پر مشتمل ایک وفد نے آج آگاہی اور تعارفی پروگرام کے سلسلے میں NAB کمپلیکس کوئٹہ کا مطالعاتی دورہ کیا اور آگاہی سیشن میں شرکت کی۔ وفد کا ڈائریکٹر آگاہی و انسداد بدعنوانی، جناب محمد سلیم احمد اور ان کی ٹیم نے ڈائریکٹر جنرل NAB بلوچستان کی جانب سے پرتپاک استقبال کیا۔ دوران دورہ شرکاء کو قومی احتساب بیورو (NAB) کے طریق کار اور امور کار کے بارے میں جامع بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں قومی احتساب آرڈیننس (NAO) 1999 کے تحت NAB کے مینڈیٹ، آگاہی (Awareness)، انسداد بدعنوانی (Prevention) (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

دالبندین: مبینہ طور پر بھائی کی فائرنگ سے بھائی جاں بحق

دالبندین (آن لائن) دالبندین میں مبینہ طور پر بھائی کی فائرنگ سے بھائی جاں بحق ہوگیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق گزشتہ روز بھائی نے اپنے چھوٹے بھائی محمد رفیق پر فائرنگ کر کے اسے شدید زخمی کر دیا تھا۔ زخمی محمد رفیق کو فوری طور پر مقامی ہسپتال منتقل کیا گیا، جہاں ابتدائی طبی امداد کے باوجود وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہوگیا۔ پولیس کے مطابق واقعے کی تفصیلات اکٹھی کی جا رہی ہیں، جبکہ مبینہ قاتل بھائی کی گرفتاری کے لیے چھاپہ مار کارروائیاں (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

کچھی پلین واٹر سپلائی اسکیم ڈیرہ مراد جمالی میں غیر قانونی واٹر کنکشن لگانے والوں کی خلاف کارروائی

کچھی پلین واٹر سپلائی اسکیم ڈیرہ مراد جمالی غیر قانونی واٹر کنکشن لگانے والوں کو ہرگز معاف نہیں کیا جائے گا، ذاکر حسین جمالی

نصیرآباد (آن لائن) کچھی پلین واٹر سپلائی اسکیم ڈیرہ مراد جمالی میں غیر قانونی واٹر کنکشن لگانے والوں کی خلاف کارروائی کی گئی درجنوں غیر قانونی واٹر کنکشن منقطع کر دیے گئے گیارہ افراد کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا پولیس کے ملزمان کی گرفتاری کیلئے چھاپے جاری کچھی پلین واٹر سپلائی اسکیم ڈیرہ مراد جمالی سے غیر قانونی واٹر کنکشن لگانے اور زرعی آبادی کے مقاصد کیلئے استعمال کی ہرگز اجازت نہیں دینگے ملوث افراد کتنے ہی بااثر کیوں نہ ہوں معاف نہیں کیا جائے گا ایگزیکٹو انجینئر کچھی پلین واٹر سپلائی اسکیم انجینئر ذاکر حسین جمالی کی قیادت میں جونیئر انجینئر (بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی وعدے پورے نہیں کر رہے، احمد نواز

چند ماہ قبل بی ٹیوٹا نے ذریعے بلوچستان کے پڑھے لکھے نوجوانوں کو روزگار کیلئے بھیجنے کا وعدہ کیا تھا، پریس کانفرنس

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے رہائشی احمد نواز نے کہا ہے کہ بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (بی ٹیوٹا) میں بیرون ملک روزگار کے لئے رجسٹرڈ نوجوانوں کو 8 ماہ گزرنے کے باوجود ان سے کئے گئے وعدے پورے نہیں کئے جا رہے ہے اور نہ ہی رجسٹرڈ امیدواروں میں شفاف طریقے سے چیک تقسیم کئے جا رہے ہیں جس کی وجہ سے حقداروں کی حق تلفی ہو رہی ہے اگر ہمیں ہمارا حق نہ دیا گیا تو ہم احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے یہ بات انہوں نے جمعہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

پنجگور فائرنگ ایک شخص زخمی تربت میں ایک شخص قتل

کوئٹہ (آن لائن) پنجگور کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو زخمی کر دیا ہسپتال ذرائع کے مطابق گزشتہ شب پنجگور کے علاقے گرمکان میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے سدیس نامی شخص کو زخمی کر دیا اور فرار ہوگئے۔ زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔ تربت کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب تربت میں جوسک پٹھان ہوٹل کے قریب نامعلوم موٹر سائیکل (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

شہدا کی لازوال قربانیوں پر خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، وارث افغان

شہدائے جمہوریت اور شہدائے وطن کے مشن کو جاری رکھا جائے، پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن جنوبی پشتونخوا زون کے زونل آرگنائزر وارث افغان، سینئر آرگنائزر مزمل وطنیار، اطلاعات آرگنائزر عظیم افغان، مالیات آرگنائزر ہارون موسیٰ خیل، آفس آرگنائزر زبیر ترین، رابطہ آرگنائزر بشیر افغان، ثقافت آرگنائزر رحمت کاکڑ اور دیگر اراکین نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن جنوبی پشتونخوا زون 7 اکتوبر 1983 کے شہدائے جمہوریت اور 11 اکتوبر 1991 کے شہدائے وطن کو خراج عقیدت پیش کرتی ہیں۔ 7 اکتوبر 1983 کو جب ملک میں (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

سبی میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کے نئے جاری کردہ شیڈول کو فوری طور پر منسوخ کیا جائے، خان محمد جتک

کوئٹہ (آن لائن) سنی تحریک کے مرکزی جوائنٹ سیکرٹری خان محمد جتک نے کہا ہے کہ سبی میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کے نئے جاری کردہ شیڈول کو فوری طور پر منسوخ کیا جائے ایشیا کے گرم ترین شہر سبی کو لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ قرار دینے والی صوبائی اسمبلی کی قرار داد پر (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)

بلوچستان یونیورسٹی مستونگ سب کیمپس میں تعلیمی تعطل ناقابل برداشت

جماعت اسلامی کا تدریسی سرگرمیاں بحال کرنے کے لیے ایک ہفتے کا الٹی میٹم

مستونگ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی مستونگ حافظ خالد الرحمن شاہوانی نے بلوچستان یونیورسٹی مستونگ سب کیمپس میں طویل عرصے سے تدریسی سرگرمیاں معطل رہنے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو ایک ہفتے کے اندر تعلیمی سرگرمیاں بحال کرنے کا الٹی میٹم دے دیا۔ انہوں نے کہا کہ طلبہ و طالبات کے تعلیمی مستقبل سے مزید کھیلنے کی اجازت نہیں دی جائے گی اور مطالبات پر عمل درآمد نہ ہونے کی صورت میں یونیورسٹی سب کیمپس کے سامنے بھرپور احتجاج کیا جائے گا۔ اپنے بیان میں حافظ خالد الرحمن شاہوانی نے کہا کہ بلوچستان پہلے ہی تعلیمی بحران سے دوچار ہے ایسے میں بلوچستان یونیورسٹی مستونگ سب کیمپس علاقے کے طلبہ و طالبات کے لیے اعلیٰ تعلیم کے حصول کی ایک اہم امید بن کر سامنے آیا تھا لیکن طویل عرصے سے (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ: متاثرین بی ٹیوٹا احمد نواز اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پرنٹر و پبلشر وسیم احمد نے اولس پرنٹرز یونیورسل کمپلیکس کالون روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر "روزنامہ عوام" 302 یونیورسل کمپلیکس جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا

ای میل ایڈریس

dailyawamqta@gmail.com

فون نمبر: 2832244 فیکس نمبر 2832255

کوئٹہ، بلوچستان ریفارمز سوشل نیٹ ورک کے زیر اہتمام ورلڈ ٹیچرز ڈے کے حوالے سے ایوارڈ تقریب کے موقع پر پارلیمانی سیکرٹری میر لیاقت لہڑی، ڈائریکٹر خانہ فرہنگ ایران ابوالحسن میری، ڈاکٹر فرحت حسین شرکاء میں ایوارڈ تقسیم کر رہے ہیں